★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 28 رجب المرجب 1446ھ، 29 جنوری 2025ء 16 ماگھ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 100

سپیکر کا مت حکومت اور پی ٹی آئی کے مذاکرات ختم ہونے کا باضابطہ اعلان

پی ٹی آئی آج مذاکرات کے لیے آتی تو ان کے لیے راستے کھل سکتے تھے، حکومتی کمیٹی انتظار کر رہی ہے نہ آنے کا تقاضا کر رہی ہے، اگر وہ خود آتے ہیں تو بیٹھنے کیلئے تیار ہیں، رہنما مسلم لیگ (ن)

مذاکراتی کمیٹی کا اج چوتھا سیشن تھا، ہم نے اسپیکر قومی اسمبلی کے چیمبر میں پی ٹی آئی کا انتظار کیا، اسپیکر کی جانب سے پیغام بھیجا گیا لیکن وہ نہیں آئے: حکومتی کمیٹی کے ترجمان سینٹر عرفان صدیقی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے مذاکرات ڈیڈ لاک کا شکار ہو گئے اور مذاکراتی کمیٹی کا اجلاس غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دیا گیا جب کہ حکومتی کمیٹی کے ترجمان سینٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی آج مذاکرات کے لیے آتی تو ان کے لیے راستے کھل سکتے تھے۔ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کے لیے تشکیل کردہ حکومتی کمیٹی کے ترجمان نے کہا کہ مذاکراتی کمیٹی کا اج چوتھا سیشن تھا، ہم نے اسپیکر قومی اسمبلی کے چیمبر میں پی ٹی آئی کا انتظار کیا، اسپیکر کی جانب سے پیغام بھیجا گیا لیکن وہ نہیں آئے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی نے عملا مذاکراتی عمل ختم کر لیا ہے، پی ٹی آئی کے مطالبات پر آئینی و قانونی ماہرین سے رائے لی، حتمی جواب تیار ہوا ہے لیکن فیصلہ ہوا کہ جاری نہیں کریں گے۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ یہ کمیٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

دولت مشترکہ ممالک کا مستقبل نوجوانوں پر منحصر ہے، وزیراعظم

دولت مشترکہ کے رکن ممالک کی 60 فیصد آبادی 30 سال سے کم عمر ہے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دولت مشترکہ ممالک کا مستقبل نوجوانوں پر منحصر ہے، دولت مشترکہ کے رکن ممالک کی 60 فیصد آبادی 30 سال سے کم عمر ہے، ہمیں نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنا ہے۔ دولت مشترکہ ایشیا یوتھ الائنس سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ دولت مشترکہ ایشیا یوتھ الائنس سمٹ کی میزبانی پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، کہیں چنگلی لگانے کی ضرورت نہیں، مجھے بتائیں بلاول

آج آپ سے بھتہ لیا جاتا ہے نہ جان سے مارنے کی دھمکیاں دی جاتی ہیں، تاجروں کے اعزاز میں تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، کہیں چنگلی لگانے کی ضرورت نہیں، مجھے بتائیں، کراچی کے تاجروں سے بھتہ وصولی کا خاتمہ ہو گیا، تو یہ کریڈٹ سندھ حکومت اور وزیراعلیٰ مراد علی شاہ کا ہے، آج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

شہباز، حمزہ کیخلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس میں بڑی پیشرفت، مدعی منحرف

مجھے درخواست کے نکات کا بھی علم نہیں، میں نہیں جانتا ریفرنس میرے نام سے کیسے فائل ہوا، مدعی ذوالفقار کا عدالت میں بیان، وزیراعظم کے نمائندے نے پیش ہو کر حاضری مکمل کروائی

ساعت 30 جنوری تک ملتوی، وکلاء دلائل کے لیے طلب، عدالت میں بیان کسی دباؤ کے تحت نہیں دیا، یہ پی ٹی آئی کے دور کا مقدمہ ہے، اس وقت کسی نے میرا غلط نام استعمال کیا تھا، مدعی کی گفتگو

لاہور (این این آئی) رمضان شوگر ملز ریفرنس میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، مقدمہ کا مدعی کمرہ عدالت میں اپنے بیان سے منحرف ہو گیا، عدالت نے ساعت 30 جنوری تک ملتوی کرتے ہوئے وکلاء کو دلائل کے لئے طلب کر لیا۔ لاہور کی اینٹی کرپشن عدالت میں جج سردار محمد اقبال نے کیس پر ساعت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف کے نمائندے نے پیش ہو کر حاضری مکمل کروائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پیکا ایکٹ ترمیمی بل کے خلاف صحافی برادری کا ملک بھر میں احتجاج

مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، صحافی رہنماؤں نے پیکا ایکٹ میں ترمیم کو مسترد کرتے ہوئے اسے آزادی صحافت پر حملہ قرار دے دیا

پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ (پی ایف یو جے) کی کال پر صحافی برادری نے متنازع پیکا ایکٹ ترمیمی بل کیخلاف کراچی، لاہور، اسلام آباد اور کوئٹہ سمیت ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے کیے

اسلام آباد / کراچی / کوئٹہ / لاہور (این این آئی) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ (پی ایف یو جے) کی کال پر صحافی برادری نے متنازع پیکا ایکٹ ترمیمی بل کیخلاف کراچی، لاہور، اسلام آباد اور کوئٹہ سمیت ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے کیے جبکہ صحافی رہنماؤں نے پیکا ایکٹ میں ترمیم کو مسترد کرتے ہوئے اسے آزادی صحافت پر حملہ قرار دے دیا۔ تفصیلات کیمطاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صحافیوں کا واک آؤٹ

سینیٹ: متنازع پیکا ایکٹ ترمیمی بل ڈیجیٹل نیشن بل منظور

متنازع پیکا ترمیمی بل کی منظوری کے بعد اپوزیشن ارکان طیش میں آ گئے، احتجاج کرتے ہوئے ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں، بل صرف سوشل میڈیا کو ڈیل کرے گا، صحافیوں کا اس بل سے کوئی معاملہ نہیں، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین

بل مکمل طور پر مسترد کریں، صوبوں کے امور میں مداخلت ہے، سینیٹر کامران مرتضیٰ کا ڈیجیٹل نیشن بل پر اعتراض، سینیٹر کامران کی ترمیم مسترد، وزیراعظم خود ہاؤسنگ اینڈ ورکس سیکٹر کو لیڈ کر رہے ہیں، ریاض حسین پیرزادہ

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ نے پیکا ترمیمی بل 2025 اور ڈیجیٹل نیشن بل 2025 منظور کر لیے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کی زیر صدارت اجلاس شروع ہوا، تو رانا تنویر حسین نے محسن نقوی کی جانب سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی کر دیا گیا

اجلاس وزیراعظم شہباز شریف کی مصروفیت کے باعث ملتوی کیا گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا منگل کو طلب کیا گیا اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کا اجلاس منگل کو طلب کیا تھا۔ تاہم اب ذرائع کا بتانا ہے کہ وفاقی کابینہ کا آج ہونے والا اجلاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

تحریک انصاف نے عملی طور پر مذاکرات ختم کر دیئے، سینیٹر عرفان صدیقی

پی ٹی آئی نے دوبارہ اسپیکر سے رابطہ کیا تو ہماری کمیٹی ان کے ساتھ بیٹھ جائے گی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی مذاکرات کمیٹی کے ترجمان سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے عملی طور پر مذاکرات ختم کر دیئے، حکومتی کمیٹی 31 جنوری تک موجود رہے گی، اس دوران پی ٹی آئی نے دوبارہ اسپیکر سے رابطہ کیا تو ہماری کمیٹی ان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

جب تک جرم کو آرمی ایکٹ کے مطابق ثابت نہیں کریں گے، کیا وہ ملٹری ٹرائل میں آئے گا؟ جسٹس مندوخیل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے ملٹری کورٹس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



ملتان: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

حکومت کو عوام کے لیے بجلی سستی کرنا پڑے گی: حافظ نعیم الرحمٰن

حکومت نے 13 جنوری کو روکنے کی کوشش کی تو پرامن مزاحمت کریں گے، امیر جماعت اسلامی کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ 31 جنوری کو ملک بھر میں شاہراہوں پر احتجاج اور دھرنے ہوں گے، حکومت نے روکنے کی کوشش کی تو پرامن مزاحمت کریں گے، بہت وقت دے دیا اب حکومت کو عوام کے لیے بجلی سستی کرنا پڑے گی۔ ملتان میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز فروری کے پہلے ہفتے میں بھکر کا دورہ کریں گی

جنڈانوالا (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف فروری کے پہلے ہفتے میں بھکر کا دورہ کریں گی ذرائع کے مطابق تھانہ دلیوالا کی حدود میں ایک نجی فیکٹری کا دورہ بھی متوقع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

توشہ خانہ ٹو: عمران خان اور بشریٰ بی بی کی درخواستِ بریت دوسرے بینچ منتقلی کی استدعا

میرے پاس تحریری طور پر اعتراض کی درخواست موجود ہے لیکن دائر نہیں کرنا چاہتا، وکیل کے دلائل

اسلام آباد (این این آئی) عمران خان اور بشریٰ بی بی کی توشہ خانہ ٹو کیس میں بریت کی درخواستوں پر ساعت اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس راجا انعام امین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)



اسلام آباد، صدر مملکت پاکستان آصف علی زرداری سے نوابزادہ افتخار احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

بشریٰ بی بی کی ایک اور بانی پی ٹی آئی کی 6 مقدمات میں عبوری ضمانتوں میں توسیع

اسلام آباد (این این آئی) جعلی رسید اور پی ٹی آئی احتجاج کے دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

سینیٹر انوشہ رحمان مسلم لیگ (ن) کی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل نامزد

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے سینئر لیگی رہنما سینیٹر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13) انوشہ رحمان کو مسلم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

بدقسمتی ہے حکومت کے ساتھ مذاکرات آگے نہیں بڑھ سکے، بیرسٹر علی گوہر

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ بدقسمتی ہے حکومت کے ساتھ مذاکرات آگے نہیں بڑھ سکے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

لاہور ہائیکورٹ نے جیلوں میں ہلاک قیدیوں کی پوسٹمارٹم رپورٹس طلب کر لیں

سال 2024ء میں لاہور کی دونوں جیلوں میں مجموعی طور پر 68 قیدی ہلاک ہوئے، آئی جی پنجاب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے جیلوں میں ہلاک ہونے والے قیدیوں کی پوسٹمارٹم رپورٹس طلب کر لیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے جیلوں میں قیدیوں پر تشدد روکنے اور سہولیات کی فراہمی سے متعلق درخواست کی ساعت کی۔ دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پاک امریکا تعلقات میں نیا موڑ، پاکستان کیلئے امداد بند

ازسرنو جائزے تک پاکستان کی امداد بند رہے گی، امریکی عہدیدار نے تصدیق کر دی



اسلام آباد: لیپہ کا قانون کیخلاف احتجاجی مظاہرے سے صحافی عاصمہ شیرازی خطاب کر رہی ہیں

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان اور امریکا کے تعلقات میں نیا موڑ آ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

فلسطینیوں کو بے گھر نہ کیا جائے، ٹرمپ کی تجویز پر جرمنی کا ردعمل

برلن (این این آئی) غزہ کے عوام کے حوالے سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے جرمن وزارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

سڑکوں کی سیاست بھی کرنا جانتے ہیں، تصادم نہیں مفاہمت کی ضرورت ہے، عالیہ حمزہ

اگر مفاہمت کرنی ہے تو پرچے کیوں درج کیے جا رہے ہیں، صوبائی الیکشن کمیشن پنجاب کے باہر گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما عالیہ حمزہ نے کہا ہے کہ ہم سڑکوں کی سیاست بھی کرنا جانتے ہیں لیکن تصادم نہیں مفاہمت کی ضرورت ہے اور اگر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد: وزارتِ مذہبی امور نے حتمی حج پیکج کا اعلان کر دیا

حج واجبات کی تیسری قسط یکم تا 10 فروری وصول کی جائے گی، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) وزارتِ مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق لانگ حج پیکج کی حتمی قیمت 10 لاکھ 75 ہزار مقرر کی گئی ہے جبکہ شارٹ حج پیکج 11 لاکھ 50 ہزار روپے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

وفاقی حکومت کا جسٹس منصور علی شاہ کے فل کورٹ تشکیل کا آرڈر چیلنج کرنے کا فیصلہ

سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں کسٹم ریگولیٹرڈ ڈیوٹی کیس کی ساعت کے دوران اٹارنی جنرل نے آگاہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سپریم کورٹ کے جج جسٹس منصور علی شاہ کے فل کورٹ تشکیل کا آرڈر چیلنج کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں کسٹم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)



اسلام آباد، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

26 ویں ترمیم کی بنیاد ایک خط ہے، جس نے ملک کا نظام بدل دیا، جسٹس محسن اختر کیانی

امید ہے سپریم کورٹ کا فل کورٹ بینچ اسے سنے گا اور یہ مسئلہ حل ہوگا، ہائی کورٹ کے جج کا خطاب

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا ہے کہ 26 ویں ترمیم کی بنیاد ایک خط ہے جس نے پورے پاکستان کے نظام کو تبدیل کر دیا، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

کلمہ پڑھ کر کہتی ہوں میرا سانگھڑ واقعے سے کوئی تعلق نہیں، شازیہ مری

سانگھڑ (این این آئی) رکنِ قومی اسمبلی اور سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی شازیہ مری نے کہا ہے کہ کلمہ پڑھ کر کہتی ہوں اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

چوری، بدمعاشی، غنڈا گردی اس ملک کا وطیرہ ہے، فیصل واوڈا

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ چوری، بدمعاشی، غنڈا گردی اس ملک کا وطیرہ ہے۔ سینیٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

سپریم کورٹ آئینی بینچ نے جسٹس منصور کے اور 16 جنوری کے آرڈر واپس لے لئے

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ کے روبرو کسٹمز ڈیوٹی کیس کی ساعت ہوئی

آئینی بینچ کا نذر عباس توہینِ عدالت کیس کا ریکارڈ کسٹمز ڈیوٹی کیس کیساتھ منسلک کرنے کا حکم جاری، ساعت غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے جسٹس منصور علی شاہ کے 13 اور 16 جنوری کے آرڈرز واپس لے لیے۔ آئینی بینچ نے نذر عباس توہینِ عدالت کیس کا ریکارڈ کسٹمز ڈیوٹی کیس کیساتھ منسلک کرنے کا حکم جاری کرتے ہوئے ساعت غیر معینہ مدت تک کے لیے ملتوی کر دی۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ کے روبرو کسٹمز ڈیوٹی کیس کی ساعت ہوئی، جس میں اٹارنی جنرل نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

حکومت سے مذاکرات میں شرکت نہیں کریں گے، عمر ایوب

مذاکرات کے دوران ایم این اے صاحبزادہ حامد رضا کے مدرسے پر چھاپا مارا گیا، اپوزیشن لیڈر

ہری پور (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ مذاکراتی نشست میں شرکت نہیں کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور کی تبدیلی کی خبریں محض افواہیں ہیں۔ عمر ایوب نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

انفارمیشن دفاتر کو انفارمیشن ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا جائے گا، ڈی جی آر

دفاتر تعلقات عامہ کے قیام کا دائرہ پنجاب کے تمام ڈویژن و اضلاع تک بڑھائیں گے، غلام صغیر شاہد

لاہور (خبر نگار) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب غلام صغیر شاہد نے کہا ہے کہ حکومتی اقدامات کی پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا پر مربوط انداز میں ٹھوس اور نتیجہ خیز حکمت عملی اپنائی جائے تاکہ عوام الناس تک مستند انداز میں فوری معلومات پہنچائی جا سکیں، محکمہ کے حقیقی مقاصد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)



لاہور، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز غلام صغیر شاہد سرگودھا ڈویژن میں محکمہ اطلاعات کے دفاتر کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی قیادت کی مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

وفد نے مولانا فضل الرحمان سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور انہیں گرینڈ الائنس میں شرکت کی دعوت دے دی

پی ٹی آئی وفد میں اسد قیصر، عمر ایوب، صاحبزادہ حامد رضا، سلمان اکرم راجہ اور اخونزادہ حسین شامل تھے: ذرائع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی قیادت کی مولانا فضل الرحمان سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات ہوئی ہے جس میں پی ٹی آئی نے انہیں گرینڈ الائنس میں شرکت کی دعوت دے دی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کا وفد ملاقات کے لیے مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ پہنچ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: لیپہ کا قانون کیخلاف صحافی احتجاجی ریلی میں شریک ہیں

بانی پی ٹی آئی کو جیل میں بی کلاس کی تمام سہولتیں میسر، اسلام آباد ہائیکورٹ نے درخواست نمٹا دی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پاکستان تحریک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

آصفہ بھٹو زرداری کی 32 ویں سالگرہ 3 فروری کو منائی جائے گی

ملوآنہ (این این آئی) صدر آصف علی زرداری کی چھوٹی صاحبزادی، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

ملک بھر میں شب معراج انتہائی عقیدت و احترام سے منائی گئی

لاہور (این این آئی) رحمتوں، برکتوں، فضیلتوں اور عظمتوں والی رات، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

وزیراعظم شہباز شریف کی صحت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی ہدایت

حکومت صحت کی سہولتوں تک رسائی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہی ہے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی حکومت کے زیر انتظام صحت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی ہدایت کر دی۔ شہباز شریف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

چیئرمین ٹاسک فورس کمیٹی بورڈز مزمل محمود کی ہدایات

لاہور سیکنڈری بورڈ نے انٹر سپلیمنٹری امتحانات 2024 کے رزلٹ کارڈ پر بار کوڈ لگا، رضوان نذیر سیکرٹری لاہور بورڈ

انٹرمیڈیٹ امتحانات میں پہلے بار تھری ڈی میٹرکس بار کوڈ رولنمبر سلپ اور رزلٹ کارڈز جاری کی جائیں گی، گفتگو

لاہور (خبر نگار) چیئرمین ٹاسک فورس کمیٹی بورڈز مزمل محمود کی ہدایات پر لاہور سیکنڈری بورڈ نے انٹر سپلیمنٹری امتحانات 2024 کے رزلٹ کارڈ پر بار کوڈ لگا دیا ہے تفصیلات کے مطابق۔ لاہور تعلیمی بورڈ 2025 میں ہونے والے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ امتحانات میں اپنے رولنمبر سلپ پر بھی بار کوڈ لگائے گا۔ چیئرمین ٹاسک فورس کمیٹی بورڈز مزمل محمود نے صوبے بھر کے تمام بورڈز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ جس طرح سیکرٹری لاہور بورڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

ملتان، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سیکرٹری ہوم کے ہمراہ ٹینکر دھماکہ میں زخمی ہونیوالے افراد کی عیادت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض
سٹی نیوز

محکمہ صحت نے ٹیچنگ ہسپتالوں میں ادویات کی لوکل پرچیز کے نظام میں بنیادی تبدیلی کر دی

کوئی بھی دوائی اس وقت تک نہیں خریدی جا سکے گی جب تک وہ ہسپتال اسٹاک میں سے ختم نہ

لاہور (خبر نگار) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں میں ادویات کی لوکل پرچیز کے نظام میں بنیادی تبدیلی کر دی ہے۔ اب کوئی بھی دوائی اس وقت تک نہیں خریدی جا سکے گی جب تک وہ ہسپتال میں موجود اسٹاک میں سے ختم نہ ہو جائے۔ سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود کو HIMS سسٹم پر بریفنگ میں بتایا گیا کہ صوبہ کے سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں میں رواں مالی سال کے دوران 73 ملین کی وہ ادویات لوکل پرچیز سے خریدی گئیں جو اسٹاک میں موجود بھی تھیں۔ سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود نے PITB کو سوفٹ ویئر میں فوری طور پر ضروری تبدیلی کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سوفٹ ویئر میں فوری طور پر تبدیلی کر کے عملدرآمد شروع کر دیا جائے۔ اسٹاک میں موجودگی کے باوجود لوکل پرچیز کرنے کا ذمہ دار متعلقہ MS ہوگا۔

مسلم لیگ (ن) ملکی ترقی اور عوامی خوشحالی کی ضامن ہے: حسام وقار

پارٹی قیادت عوامی محرومیوں اور مہنگائی کا خاتمہ کر رہی ہے: رہنما مسلم لیگ نگ

وزیر آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے راہنما حسام وقار چیمہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ملکی ترقی اور عوامی خوشحالی کی ضامنت ہے پارٹی کے ہر دور حکومت میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوا اور اب بھی مسلم لیگ (ن) ہی عوامی محرومیوں اور مہنگائی کا خاتمہ کر رہی ہے، ایک طرف خدمت کی اور دوسری طرف انتشار کی سیاست ہو رہی ہے۔ عمران خان کو 190 ملین پاؤنڈ کی کرپشن پر سزا ہوئی، ان کے مقبول ہونے کے دعوے عوام نے رد کر دیئے ہیں۔ وہ ضلعی آرگنائزر لیبر ونگ مسلم لیگ (ن) محمد عمران سنی کمبوہ سے ملاقات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت پنجاب میں خدمت کی سیاست ہو رہی ہے، پنجاب میں عملی اقدامات ہو رہے ہیں۔ فتنہ فساد گروپ نے بچوں کی برین واشنگ کی، فتنہ پارٹی نے کسان کارڈ کو اپنی سیاست کیلئے استعمال کیا ہے۔ مریم نواز صرف منصوبوں کا افتتاح نہیں کرتیں بلکہ عمل بھی کرتی ہیں، اتنے منصوبے پاکستان کی تاریخ میں کسی نے شروع نہیں کئے، پاکستان کا ڈیفالٹ کے خطرے سے باہر نکل کر معاشی استحکام حاصل کرنا خوش آئند ہے



کمشنر لاہور زید بن مقصود والٹن روڈ کے تعمیری کاموں میں پیشرفت کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کمشنر لاہور کا والٹن روڈ تعمیری پیشرفت پر سائٹ آفس میں اجلاس

سی ای او سی بی ڈی عمران امین ہمراہ موجود تھے والٹن روڈ کی اسفالٹ روزانہ کی بنیاد پر 11 سوٹن کے حساب کی جائیگی

ٹائم لائنز پر بریفنگ، سٹریٹ لائٹ بجلی کھمبے تیزی سے لگ رہے ہیں: 15 سو میٹر روزانہ کیبل نصب ہوگی

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے والٹن روڈ تعمیری پیشرفت و ٹائم لائنز جائزہ کے حوالے سے والٹن روڈ پر سائٹ آفس کا دورہ کیا اور اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر سی ای او سی بی ڈی عمران امین، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا، سی او والٹن، اے سی ماڈل ٹاؤن وکینٹ، پی ایچ اے، لیسکو، واسا اور ٹریفک پولیس افسران بھی ہمراہ موجود تھے۔ سی بی ڈی وغیپاک افسران نے زیر تعمیر والٹن روڈ ٹائم لائنز پیشرفت بارے بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ والٹن روڈ کی اسفالٹ روزانہ کی بنیاد پر 11 سوٹن کے حساب سے کی جائیگی، سٹریٹ لائٹ بجلی کھمبے تیزی سے لگ رہے ہیں، 15 سو میٹر روزانہ کیبل نصب ہوگی، والٹن روڈ اپگریڈیشن منصوبہ کا 80 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، مین روڈ مکمل تیار ہے، گرین بیلٹس پر کام شروع ہے، والٹن روڈ پر 2.4 کلومیٹر کا ٹرنک سیوریج لائن مکمل، اولڈ نالہ کو نئے نالے میں منتقل کر دیا گیا ہے، والٹن روڈ پر میجر اسحاق شہید فلائی اوور ٹریفک کے لئے فعال ہے، فلائی اوور 510 میٹر طویل دو لائنز پر مشتمل ہے۔ کمشنر لاہور نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایات دیتے ہوئے کہا ہے کہ لین مارکنگ اور سائنیج کیلئے ٹیمیں سی بی ڈی ٹیم کے ہمراہ ورکنگ تیار کر کے مکمل کرے، یوٹرنز کیلئے غیپاک، ٹریفک پولیس اور ٹیمیں جوائنٹ وزٹ کر کے سموتھ ٹریفک فلو کے مطابق ریڈیزائن کرے، والٹن روڈ میڈین میں ہارٹیکلچر ورک کیلئے پی ایچ اے افرادی وسائل میں اضافہ کرے، کمشنر لاہور کا مزید کہنا ہے کہ والٹن روڈ فیروز پور روڈ تا ڈیفنس آمدورفت کیلئے اہم مین آرٹری ہے، والٹن روڈ کی تعمیر سے شہریوں کو آمدورفت میں بہترین سہولت میسر ہو گی، ہدایات کے مطابق والٹن روڈ پر باقی ماندہ کاموں کو بھی جلد مکمل کیا جائے

شرح سود میں کمی مسئلے کا حل نہیں، ملکی معیشت کو بچانے کے لیے سود کا مکمل خاتمہ ضروری ہے: ڈاکٹر مزمل ہاشمی

لاہور (خبر نگار) مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت اس وقت سنگین بحران کا شکار ہے، اور بلند شرح سود نے غریب اور متوسط طبقے سمیت چھوٹے کاروباری تاجروں کی مشکلات کو ناقابل برداشت بنا دیا ہے۔ شرح سود میں معمولی کمی مسائل کا حل نہیں بلکہ ملکی معیشت کو بچانے کے لیے سود کا مکمل خاتمہ کرنا ہوگا۔ دنیا کے کئی ممالک اپنی معیشت کو صفر یا قریبا صفر فیصد سود پر لے کر چل رہے ہیں۔ اگر جاپان، سوئٹزرلینڈ، سنگاپور، اور تائیوان جیسے ممالک اپنی معیشت کو کم یا صفر شرح سود پر کامیابی سے چلا سکتے ہیں، تو پاکستان جیسا 25 کروڑ آبادی کا ملک ایسے اقدامات کیوں نہیں کر سکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں کیا۔ جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی کا مزید کہنا تھا کہ حکومت کو ملکی معیشت بچانے کے لیے جرات مندانہ فیصلے کرنا ہونگے اور سودی نظام سے مکمل نجات حاصل کرنا ہوگی۔

عملہ اور افسران کی غفلت اور لاپرواہی سے کھلے گٹر اور مین ہول علاقہ مکینوں کے وبال جان بن گئے



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے محلہ رحمت آباد میں گلی مسجد طٰہٰ والہ میں میونسپل کمیٹی کے عملہ اور افسران کی غفلت اور لاپرواہی سے کھلے گٹر اور مین ہول علاقہ مکینوں کے وبال جان بن گئے۔ مذکورہ گٹروں کے کھلے رہنے سے کسی بھی وقت یہاں پر کوئی بڑا جانی نقصان ہو سکتا ہے۔ علاقہ مکین کئی بار کمیٹی کے عملہ کو اس بارے آگاہ کر چکے ہیں لیکن کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔ علاقہ مکینوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ گٹروں اور مین ہول کے کھلے پڑنے سے یہاں پر بچوں کے گرنے کے خطرات ہمہ وقت منڈلا رہے ہیں جبکہ اب تک ان گٹروں کے کھلے پڑے رہنے سے کئی افراد زخمی بھی ہو چکے ہیں۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ مذکورہ گٹروں کے ڈھکن رکھ کر علاقہ مکینوں کو کسی بڑے جانی نقصان سے بچایا جائے

ماڈل ٹاؤن ڈویژن پولیس نے رواں ماہ میں 201 ملزمان کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ماڈل ٹاؤن ڈویژن پولیس نے رواں ماہ میں 201 ملزمان کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان میں 66 اشتہاری، 43 ریکارڈ یافتہ اور 92 عدالتی مفروران شامل ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کا کہنا ہے کہ رواں ماہ کے دوران ماڈل ٹاؤن ڈویژن پولیس نے جدید ٹیکنالوجی، ہیومن انٹیلی جنس اور دوران سنیپ چیکنگ قتل، ڈکیتی میں ملوث اے کیٹیگری کے 44 جبکہ بی کیٹیگری کے 92 اشتہاری، اے کیٹیگری کے ریکارڈ یافتہ 21 اور بی کیٹیگری کے 22 ملزمان اور عدالتی مفروران کیخلاف کریک ڈاؤ ※ ن میں 66 مفروران کو گرفتار کیا

دوران 5 مشکوک افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ برآمد کر کے انہیں متعلقہ تھانوں کی پولیس کے حوالے کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن پولیس نے مختلف کاروائیوں کے دوران 5 مشکوک افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ برآمد کر کے انہیں متعلقہ تھانوں کی پولیس کے حوالے کر دیا ترجمان کے مطابق ڈولفن ٹیموں نے شادباغ، ہربنس پورہ، شفیق آباد، مصری شاہ، اسلام پورہ سے 05 مشکوک ملزمان بشیر، دانیال، عبدالرحیم، تنویر، مبشر، حسیب کو سٹاپ اینڈ سرچ کے دوران حراست میں لے کر ملزمان سے 5 پستول، 02 رائفلیں، گولیاں، کارتوس و میگزینز برآمد کر کے انہیں مزید تفتیش کے لیے اسلحہ سمیت تھانہ شادباغ، ہربنس پورہ، شفیق آباد، مصری شاہ، اسلام پورہ کے حوالے کر دیا

ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن تابندہ سلیم کی کتاب کی تقریب رونمائی الحمرا آرٹس کونسل کی ادبی بیٹھک میں منعقد



الحمرا آرٹس کونسل لاہور کی ادبی بیٹھک میں منعقد ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن تابندہ سلیم کی کتاب ''لفظ بولتے ہیں'' کی تقریب رونمائی کے موقع پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن تابندہ سلیم کی کتاب ''لفظ بولتے ہیں'' کی تقریب رونمائی الحمرا آرٹس کونسل لاہور کی ادبی بیٹھک میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں صدارت کے فرائض ممتاز شاعر اور صدارتی ایوارڈ یافتہ نامور ادیب نزیر قیصر نے نبھائے جبکہ مہمانان اعزاز میں فوزیہ بیدار، افتخار بخاری، آغا قیصر عباس، ڈاکٹر فوزیہ تبسم، ثوبیہ نیازی، ڈاکٹر پونم، عرفان طفیل ہوشیار پوری شامل تھے۔ نظامت ناصر بشیر نے کی۔ تقریب میں راولپنڈی اسلام آباد سے ادبی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تمام مقررین نے تابندہ سلیم کی کتاب ''لفظ بولتے ہیں'' پر سیر حاصل گفتگو کی اور اس کے روشن پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر فوزیہ تبسم نے کتاب نے تمام مضامین پر مکمل تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ کتاب میں اسلامی مضامین نے مجھے بیحد متاثر کیا اور اس کتاب نے مجھے پورا مطالعہ کرنے پر مجبور کیا اور میں نے یہ کتاب آخر تک پڑھی۔ انہوں نے کہا اس کی کتاب کی یہی خوبصورتی ہوتی ہے کہ وہ قارئین کو اتنا مجبور کر دے کہ اس کو آخر تک پڑھا جائے بیشک تابندہ سلیم کی کتاب میں یہ خوبی ہے موجود ہے۔ افتخار بخاری نے کتاب ''لفظ بولتے ہیں'' پر اچھوتے انداز میں تبصرہ کیا اور کتاب کو تعلیمی نصاب میں شامل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

ہیئر پولیس نے 14 سال بعد غیرت کے نام پر قتل ہونے والی لڑکی صوفیہ کے قتل کا مقدمہ درج کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ہیئر پولیس نے 14 سال بعد غیرت کے نام پر قتل ہونے والی لڑکی صوفیہ کے قتل کا مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق مقدمہ بیدیاں روڈ کے رہائشی شاہد علی کی مدعیت میں تھانہ ہیئر میں درج کیا گیا جس کے مطابق مدعی شاہد علی نے 2012 میں چونگی امرسدھو کی رہائشی صوفیہ سے پسند کی شادی کی تھی۔ شادی کے ایک ماہ بعد صوفیہ کے والدین نے صلح کے بہانے اپنی بیٹی کو گھر بلایا۔ چند دن بعد صوفیہ کے والد اور چچا ان کے گھر پہنچے اور صوفیہ کو واپس لے جانے کا مطالبہ کیا۔ انکار پر مدعی کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دی گئیں۔ شاہد علی نے الزام لگایا ہے کہ دھمکیوں کے خوف سے وہ ساہیوال منتقل ہو گیا اور دوسری شادی کر لی۔ کئی بار اسکے والدین نے صوفیہ کے والدین سے رابطہ کیا، لیکن کوئی حل نہ نکل سکا۔ بعد میں پتہ چلا کہ صوفیہ کو اس کے والد، چچا، اور دو نامعلوم افراد نے قتل کر کے لاش نہر میں بہا دی تھی۔ ہیئر پولیس نے صوفیہ کے والد عارف، چچا شوکت، اور دو نامعلوم افراد کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔

یو ایم ٹی میں ہیلتھ کیئر پر پہلی دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد

کانفرنس سے قومی اور بین الاقوامی سطح پر شعبہ ہیلتھ کی ترقی کے نئے امکانات پیدا ہوں گے: ڈاکٹر آصف رضا

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) کے سکول آف فارمیسی کے زیر اہتمام 21 ویں صدی کے ہیلتھ کیئر چیلنجز اور انوویشنز کے حوالے سے پہلی دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا آصف قریشی، ڈاکٹر رضوان محمود (برطانیہ)، ڈاکٹر سلیم رازی (ترکی) اور دیگر شعبہ ہیلتھ کے ماہرین شامل تھے۔ اس موقع پر یو ایم ٹی سکول آف فارمیسی کی فیکلٹی اور طلباء کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ کانفرنس چیئر اور ڈین سکول آف فارمیسی پروفیسر ڈاکٹر اعجاز چیمہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور اہم موضوع پر کانفرنس کے انعقاد کے بارے میں شرکاء کو بریفنگ دی۔ انکا کہنا تھا اس کانفرنس کا مقصد صحت کے شعبے میں درپیش چیلنجز اور ان کے جدید حل پر تبادلہ خیال کرنا ہے۔ ریکٹر یو ایم ٹی ڈاکٹر آصف رضا نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس کانفرنس کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت تھی



ریکٹر یو ایم ٹی ڈاکٹر آصف رضا یو ایم ٹی میں پہلی بین الاقوامی ہیلتھ کیئر کانفرنس کے موقع پر سی ای او ہائی نون ڈاکٹر عدیل عباس کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

نیاز احمد چوہان مرحوم اپنے آپ میں ایک ادارہ اور انجمن کی مانند تھے

وزیر آباد (نامہ نگار) نیاز احمد چوہان مرحوم اپنے آپ میں ایک ادارہ اور انجمن کی مانند تھے ان کا اخلاق ان کی عادات و اطوار میں اپنائیت اور صحافت کے ہر شعبہ و طریق میں انہیں خاص دسترس حاصل تھی ان خیالات کا اظہار سینئر صحافی و جماعت اسلامی کے راہنما صابر حسین بٹ نے ان کی تیسری برسی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اچھا انسان ریاضی کے صفر کی طرح ہوتا ہے جو کسی عدد کے عقبی جانب ہو تو اس عدد کا کوئی مول نہیں لیکن وہ عدد کے اگلی جانب لگ جائے یا جڑ جائے اس کی قیمت بڑھ جاتی ہے اپنے کردار کو جتنا اچھا رکھ سکتے ہو رکھنا چاہیے، کیونکہ موت انسان کو مار سکتی ہے مگر اچھے کردار والے ہمیشہ زندہ رہتے ہیں لوگوں کے دلوں میں اور اچھے الفاظ میں بھی۔ بہترین انسان اپنے عمل سے پہچانا جاتا ہے



لاہور: خواجہ احمد حسان سابقہ میئر لاہور کو عمرہ کی ادائیگی پر نیئر ریمو مبارکباد اور پھولوں کا گدستہ پیش کر رہے ہیں

سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں کی بہتری کیلئے ایک اور کامیابی حاصل کر لی

عظمت محمود سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں کیلئے 73.1 ملین یورو کے 200 آئی سی یو وینٹی لیٹرز خرید لئے گئے ہیں: سیکرٹری صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی سیکرٹری صحت عظمت محمود نے کہا ہے کہ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں کی بہتری کیلئے ایک اور کامیابی حاصل کر لی ہے۔ سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں کیلئے 73.1 ملین یورو کے 200 آئی سی یو وینٹی لیٹرز خرید لئے گئے ہیں۔ جرمنی کی کمپنی لوونسٹین سے الیسا 300 ماڈل کے وینٹی لیٹرز خریدے گئے ہیں۔ فروری میں تمام ٹیچنگ سرکاری ہسپتالوں میں یہ وینٹی لیٹرز بھجوا دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے۔

چمپینز ٹرافی کے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے سی ٹی ڈی بھی متحرک ہو گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) چمپینز ٹرافی کے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے سی ٹی ڈی بھی متحرک ہو گئی۔ پولیس زرائع کے مطابق سی ٹی ڈی نے شہر کی 55 آبادیوں کے حوالے سے لاہور پولیس کو نشاندہی کر دی۔ سی ٹی ڈی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں اور لاہور پولیس نے ان آبادیوں میں کومبنگ آپریشنز شروع کر دیئے ہیں لاہور ائیر پورٹ، پی سی ہوٹل اور قذافی سٹیڈیم کے قریب آبادیوں میں ہر گھر کو چیک کیا جائے گا۔ گھروں میں موجود افراد اور کرایہ داروں کا ڈیٹا مرتب کرنا شروع کر دیا گیا۔ کومبنگ آپریشنز میں ایک روز میں 2378 گھروں کو چیک کیا گیا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق کومبنگ آپریشنز کے دوران 8014 افراد کو چیک کیا گیا اس کے علاوہ شہر میں موجود 13 ناکوں پر بھی سپیشل چیکنگ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:20
فجر	6:10
ظہر	1:30
عصر	4:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25
میو ہسپتال لاہور
9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8
پی آئی سی لاہور
111-786-786

پتریاٹا میں جنگلاتی آگ کی روک تھام اور کنٹرول کے حوالے سے آگاہی سیمینار

لاہور (خبر نگار) پنجاب ٹورازم ڈیولپمنٹ کارپوریشن (ٹی ڈی سی پی) اور محکمہ جنگلات نے پتریاٹا کی مقامی کمیونٹی کے تعاون سے جنگلاتی آگ کی روک تھام اور کنٹرول کے حوالے سے ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار کا مقصد عوام کو جنگلاتی آگ کے اسباب، ان کے مہلک اثرات اور ان کی روک تھام کے موثر طریقوں سے آگاہ کرنا تھا۔ سیمینار میں ڈپٹی کمشنر مری، ضلعی پولیس افسر (ڈی پی او) مری، ریسکیو 1122، دیگر اہم حکام، مقامی افراد اور ماحول دوست شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری نے علاقے کے قدرتی حسن کو محفوظ رکھنے میں اجتماعی ذمہ داری کی اہمیت پر زور دیا اور جنگلاتی آگ کی روک تھام کے لیے پیشگی اقدامات کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے ریسکیو 1122 اور محکمہ جنگلات کی جنگلاتی آگ بجھانے میں شاندار خدمات کو سراہا۔ ضلعی پولیس افسر (ڈی پی او) مری نے جنگلاتی وسائل کے تحفظ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کردار اور آگ لگنے کی صورت میں فوری ردعمل کی اہمیت پر بات کی۔ ڈویژنل فارسٹ آفیسر مری نے جنگلاتی آگ کے اسباب پر روشنی ڈالی اور کمیونٹی کو آگ کے خطرات کم کرنے کے عملی طریقے بتائے۔

منشیات فروشی کرنے والا 2 رکنی گروہ منشیات کی بڑی کھیپ سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) مغلپورہ پولیس نے لاہور میں منشیات کی ترسیل ناکام بنا کر نوجوان نسل کو منشیات فروشی کرنے والا 2 رکنی گروہ منشیات کی بڑی کھیپ سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق تھانہ مغلپورہ پولیس نے کاروائیوں کے دوران منشیات فروشی کے مکروہ دھندے میں ملوث ملزمان ندیم اور نوید کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 10 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر جھنگ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر جھنگ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ تھانہ قادر پور پولیس نے ڈکیتی، چوری اور نقب زنی میں ملوث 4 گینگ کے 8 ملزمان گرفتار کر لئے۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے نتیجہ میں تھانہ قادر پور پولیس نے ڈکیتی، چوری اور نقب زنی میں ملوث 4 گینگ کے 8 ملزمان گرفتار کر لئے۔

پیکا ایکٹ کے خلاف ملک بھر کی طرح جھنگ میں بھی یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) پیکا ایکٹ کے خلاف ملک بھر کی طرح جھنگ میں بھی یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے کی قیادت یونین آف جرنلسٹس کے صدر شریف طاہر نے کی جبکہ جنرل سیکرٹری مصعب فاروق، پریس کلب کے صدر لیاقت علی انجم اور سیکرٹری پریس کلب خرم سعید سمیت بڑی تعداد میں صحافیوں نے مظاہرے میں شرکت کی۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اٹھا رکھے تھے اور وہ پیکا ایکٹ کے خلاف نعرے لگا رہے تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر یونین آف جرنلسٹس شریف طاہر نے کہا کہ صحافی پیکا ایکٹ کے خلاف نہیں بلکہ اس کے انتہائی عجلت میں صحافتی تنظیموں کی مشاورت کے بغیر پاس کروانے کے خلاف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس کالے قانون کے تحت اپنے مخالف کسی بھی صحافی یا شخص کے خلاف اس قانون کو استعمال کرتے ہوئے اسے تین سال قید، 20 لاکھ روپے جرمانہ یا پھر دونوں سزائیں دے سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافتی تنظیمیں آزادی رائے کی علمبردار ہیں اور وہ اس آزادی پر کسی صورت آنچ نہیں آنے دیں گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر اس متنازعہ اور کالے قانون کو غیر موثر کیا جائے

تھانہ کانڈیوال پولیس نے مختلف علاقوں سے ناجائز اسلحہ اور منشیات برآمد ہونے پر تین ملزمان کو گرفتار کر لیا



لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ کانڈیوال سب انسپکٹر ریاض احمد نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے مختلف علاقوں سے ناجائز اسلحہ اور منشیات برآمد ہونے پر تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے ایک کلو سے زائد چرس اور بندوق 12 بور برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان شوکت، شہزاد اور عبدالرحمن کیخلاف تھانہ کانڈیوال میں الگ الگ مقدمات درج ہو چکے ہیں

موسم بہار تہوار نے چین: پاکستان دوستی مزید مستحکم کر دی

24 سالہ پاکستانی طالب علم یاسین خان نے ڈمپلنگ بنانے کا مظاہرہ کیا





جینان (شنہوا) موسم بہار کے تہوار سے چند روز قبل چین کے مشرقی صوبے شان ڈونگ کے شہر چھنگ ڈاؤ میں واقع چائنہ یونیورسٹی آف پیٹرولیم (مشرقی چین) نے ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا، اس میں پاکستان جیسے ممالک کے بین الاقوامی طلبا جشن منانے کے لئے اکٹھے ہوئے، تعطیلات کے تہوار کے ماحول میں لطف اندوز ہوتے ہوئے انہوں نے ڈمپلنگز بنائیں، اشعار لکھے اور خوشخطی کو پیش کیا۔ 24 سالہ پاکستانی طالب علم یاسین خان نے ڈمپلنگ بنانے میں اپنی مہارت کا مظاہرہ کیا۔ کھانا تیار کرنے کی خوشی سے انہوں نے روایتی چینی ثقافت کو قریب سے سمجھا۔ یاسین 5 ماہ سے کیمیکل انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور اگلے 7 سال کے دوران چین میں ماسٹر اور پی ایچ ڈی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہار تہوار منانے کا یہ میرا پہلا موقع ہے اور مجھے یہ بہت پرکشش لگتا ہے۔ شاندار سجاوٹ، لذیذ روایتی پکوان اور خوشی کے جشن نے ایک خوش آمدید اور پرجوش ماحول پیدا کیا ہے، اس نے چینی روایتی ثقافت سے متعلق مزید جاننے کا موقع بھی فراہم کیا۔ چینی بہار میلہ نہ صرف چین کی روایتی ثقافت کے احترام کو ظاہر کرتا ہے بلکہ لوگوں کو اس کی طویل تاریخ اور ثقافتی اعتماد کا تجربہ کرنے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ یاسین نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دوستی کی جڑیں باہمی احترام اور تعاون پر مبنی ہیں جو دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات کا اظہار ہیں۔ اس وقت یہاں تقریباً 60 پاکستانی طالبعلم ہیں جن کا بنیادی مضمون انجینئرنگ ہے۔ یونیورسٹی کے بین الاقوامی طلبا تو نصلر سوہوئی نے کہا کہ پاکستانی طلبا چین میں تعلیم حاصل کرتے ہوئے نہ صرف وسیع پیشہ ورانہ معلومات حاصل کرتے ہیں بلکہ مختلف ثقافتی سرگرمیوں، عوامی رابطوں اور دوستانہ تبادلوں کے فروغ سے ملک سے متعلق اپنی تفہیم میں بھی اضافہ کرتے ہیں۔

گوجرانوالہ: سال 2024 میں ایف بی آر کے خلاف شکایت میں ریکارڈ اضافہ ہوا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) گوجرانوالہ وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ صاحب (ستارہ امتیاز، ہلال امتیاز) کی سربراہی میں سال 2024 میں ایف بی آر کے خلاف شکایت میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ ڈاکٹر آصف محمود جاہ صاحب وفاقی ٹیکس محتسب کی سربراہی میں سال 2024 میں 13506 شکایات موصول ہوئیں۔ جو کہ پچھلے سالوں کی نسبت ایک ریکارڈ اضافہ ہے۔ رانا حسن اختر ایڈوائزر انچارج گوجرانوالہ کے مطابق سال 2024 میں ریکارڈ 1004 شکایات موصول ہوئیں۔ اور تمام شکایات میں ٹیکس گزاروں کی شکایات کا ازالہ کر دیا گیا۔ جبکہ سال 2023 میں صرف 297 شکایات موصول ہوئیں۔ وفاقی ٹیکس محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ میں آج مورخہ 28 جنوری 2025ء ایک پریس بریفنگ کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں گوجرانوالہ ڈویژن کے پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا صحافی تنظیموں کے نامور نمائندوں نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر انھوں نے بتایا کہ ٹیکس دھندہگان کے حقوق کیلئے وفاقی ٹیکس محتسب کا ادارہ 2000 میں قائم ہوا۔ اور عوام کی سہولت کیلئے ریجنل دفاتر قائم کئے گئے ہیں۔ گوجرانوالہ کا ریجنل آفس 2018ء میں قائم کیا گیا ہے۔

تاریخ عالم میں واقعہ معرج انتہائی خصوصیت کا حامل ہے: قاری محمد رفیق

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تاریخ عالم میں واقعہ معرج انتہائی خصوصیت کا حامل ہے۔ یہ ایک ایسا عظیم واقعہ ہے جس پر ایمان اور عشق رسول سے سرشار مسلمان تو بجا طور پر فخر کرتے ہیں کہ وہ اس عظیم المرتبت رسول کے امتی ہیں جنہیں رب کائنات نے حالت شعور میں زمینوں اور آسمانوں کی سیر کرائی جبکہ اس واقعہ کو عقل کی کسوٹی پر پرکھنے والے آج تک شش و پنج میں گرفتار ہو کر اس کی گتھیاں سلجھانے کی کوششیں کر رہے ہیں مگر حقیقت یہی ہے کہ معجزہ وہی ہوتے ہیں جو عقل سے بالاتر ہوں اور معجزات کو عقل سے پرکھنا ہی بے عقلی کی نشانی ہے۔ معراج النبیؐ کے حوالے سے خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ چناب نگر میں سالانہ معراج النبی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے چیئ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 29 جنوری 2025ء

لوکل گورنمنٹ یونٹس کے قیام کیلئے ڈی سی کمیٹی روم میں اعلیٰ سطح کا اجلاس

اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو شہرینہ غلام مرتضیٰ جونیجو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنرز، پی آئی ٹی بی، لوکل گورنمنٹ، میونسپل کمیٹیز، زراعت سمیت دیگر اداروں کے افسران شریک تھے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے یونین کونسل کی سطح پر لوکل گورنمنٹ یونٹس کے قیام کے فیصلہ کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ضلع ننکانہ صاحب میں لوکل گورنمنٹ یونٹس کے قیام بارے ڈی سی کمیٹی روم میں اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو شہرینہ غلام مرتضیٰ جونیجو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنرز، پی آئی ٹی بی، لوکل گورنمنٹ، میونسپل کمیٹیز، زراعت سمیت دیگر اداروں کے افسران شریک تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے پی آئی ٹی بی کے افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ جلد از جلد پورٹل کا قیام عمل میں لایا جائے اور متعلقہ ادارے لوکل گورنمنٹ یونٹس کے قیام، عملے کی تعیناتی سمیت دیگر ساز و سامان کے لیے فوری اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ یونٹ کے قیام کا مقصد لوگوں کو انکے گھر دہلیز پر سرکاری سروسز مہیا کرنا ہے۔ لوکل گورنمنٹ یونٹس کے قیام کے بعد 15 محکمہ جات یونین کونسل کی سطح پر عوام الناس کو سرکاری سروسز فراہم کریں گے۔ 15 اہم اداروں سے متعلقہ مسائل ان گھر کی دہلیز پر ہی حل ہونگے۔ ڈی سی ننکانہ نے بتایا کہ متعلقہ ادارے گھر گھر جا کر شہریوں کا ڈیٹا پورٹل پر اپ لوڈ کریں گے، پورٹل پر گھر کے تمام افراد سمیت مال مویشیوں کا ڈیٹا بھی ایپ پر اپ لوڈ کیا جائے گا اور ہر تین ماہ کے بعد ڈیٹا کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ یونٹس کے قیام کا مقصد لوگوں کے مسائل ان کے گھر کی دہلیز پر حل کرنا ہیں اور اداروں کی کارکردگی میں شفافیت اور بہتری لانا ہے۔

مسلم لیگ ہمیشہ عوامی خدمت کیلئے کوشاں رہی ہے: جاوید اقبال گورائیہ

شیخوپورہ میں ممبر شپ کے ذریعے مسلم لیگ کو مزید مضبوط اور فعال بنائیں گے: ضلعی صدر



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مسلم لیگ ہمیشہ عوامی خدمت کیلئے کوشاں رہی ہے قائدین نے ملکی سیاست اور تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے پاکستان کی تاریخ مسلم لیگ کی ترقی کے سنہری ادوار سے بھری پڑی ہے آئندہ بھی خدمت کرتے رہیں گے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر شیخوپورہ چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے حکومتی اتحاد میں شامل وفاقی وزراء بہترین کام کر رہے ہیں جہاں تک ممکن ہو سکا تعمیر و ترقی اور معیشت کی بحالی کیلئے اپنا مثبت کردار جاری رکھیں گے ضلع شیخوپورہ میں ممبر شپ کے ذریعے مسلم لیگ کو مزید مضبوط اور فعال بنائیں گے۔

عوامی ریلیف کے پیش نظر اسسٹنٹ کمشنر رینالہ خورد کی پٹرول پمپس کی انسپکشنز

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر چوہدری ضیاء اللہ نے شہر کے مختلف مقامات پر متعدد پٹرول پمپس کی چیکنگ کی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) عوامی ریلیف کے پیش نظر اسسٹنٹ کمشنر رینالہ خورد کی پٹرول پمپس کی انسپکشنز، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر چوہدری ضیاء اللہ نے شہر کے مختلف مقامات پر متعدد پٹرول پمپس کی چیکنگ کی اور پٹرولیم مصنوعات کے ریٹس اور پیمانوں کی چیکنگ کی، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور پیمائش پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور عوام سے دھوکہ دہی کرنے والے پٹرول پمپ مالکان کے خلاف سخت قانونی کاروائی کرتے ہوئے ان کے پٹرول پمپس کو سیل کر دیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی مہنگے داموں فروخت پر سخت ایکشن لیا جائے گا اور پٹرول پمپ مالکان کے لائسنس بھی کینسل کر دیے جائیں گے۔

ڈپٹی کمشنر کا ڈی ایچ کیو ہسپتال چنیوٹ کا دورہ، پیش رفت کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر نے ایکسین و ایس ڈی او بلڈنگ کو کام کو مزید تیز کروانے کی ہدایت کی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے زیر تعمیر نئے ڈسٹرکٹ کمپلیکس اور 125 بیڈ پر مشتمل نئے ڈی ایچ کیو ہسپتال چنیوٹ کی سائٹ کا وزٹ کیا اور وہاں جاری کاموں کی پیش رفت کا جائزہ اور متعلقہ محکموں سے بریفنگ لی، انہوں نے دونوں پروجیکٹس کی تعمیر میں استعمال ہونے والے میٹریل اور کام کے معیار کو چیک کیا، ڈپٹی کمشنر نے ایکسین وایس ڈی او بلڈنگ کو کام کو مزید تیز کروانے کی ہدایت کی، ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس اور ڈی ایچ کیو ہسپتال کی تعمیر میں معیار کا خاص خیال رکھا جائے، انکا کہنا تھا اس سلسلہ میں کسی قسم کی کوتاہی یا لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، انہوں نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے مختلف امور بارے موقع پر ایکسین بلڈنگ کو ہدایات جاری کیں، اس موقع پر ایکسین بلڈنگ محمد عدنان، ایس ڈی او محمد اکرام اور کنٹریکٹر بھی موجود تھے۔ علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے صبح سویرے تعلیمی اداروں کے سربراہ ائز وزٹ، ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ ماڈل پرائمری سکول حسین پور رجوعہ اور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جدید نمبر 2 محلہ کھٹی چنیوٹ کے وزٹ کیے

ڈی سی آفس سیالکوٹ کا سابق کلرک رشوت لیتے گرفتار

کرپٹ پریکٹسز کے حامل افراد رعایت کے مستحق نہیں: سرکل آفیسر اینٹی کرپشن ملک ندیم



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) سرکل آفیسر اینٹی کرپشن ایسٹیبلشمنٹ سیالکوٹ انسپکٹر ملک ندیم منور نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 80 ہزار رشوت لینے والے سابقہ ڈی سی آفس سیالکوٹ کے کلرک بادشاہ کو گرفتار کر لیا۔ کرپشن کرنے والے کرپٹ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے ڈی سی او آفس کے سابقہ کلرک کے خلاف الحلہ لائنس کے لیے عوض 80 ہزار روپے رشوت لینے پر مقدمہ درج کر کے ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی سی او آفس میں سابقہ کلرک انیل باربھٹی نے عرفان نامی شہری سے اسلحہ لائسنس کے عوض 80 ہزار روپے بطور رشوت لیے جس پر متاثرہ شہری نے اینٹی کرپشن کو درخواست دی جس پر کاروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کر لیا لیکن ملزم فرار ہو گیا جس پر ملزم کی گرفتاری کے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے کر ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے اینٹی کرپشن سیالکوٹ کے سی او ملک ندیم منور نے اس کارروائی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں موجود کرپٹ عناصر کے خلاف بلاتفریق کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کرپشن کا خاتمہ اور انصاف کی فراہمی ادارے کی اولین ترجیحات ہیں۔

ایس اینڈ اے شرکاء و معزز ساتھیوں پر فخر ہے: ملک شہباز احمد اعوان

احباب کی شبانہ روز کاوشوں سے کامیابی نصیب ہوئی، وکیل رہنماء سیالکوٹ بار



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ایس ایند اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کے سیالکوٹ بار ایسوسی ایشن صدر بننے و نومنتخب عہدیداران کا پریذیڈنٹ آفس کا چارج سنبھالنے کے بعد مبارکبادوں کے سلسلے ہنوز جاری ہیں۔ ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں کنگ میکر ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے اپنے میڈیا بیان میں کہا کہ کامیابی بر اللہ تعالیٰ کے بے حد شکر گزار ہیں جو عوتوں سے سرفراز کرتا ہے۔ انہوں نے وکلاء ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ و ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنے معزز رفقاء ساتھیوں پر فخر ہے۔ جن کی شبانہ روز کاوشوں اور محنت کیساتھ اللہ تعالیٰ نے ہمیں عوتوں سے نوازا فقید المثال کامیابی اکیلے ملک شہباز اعوان کی نہیں بلکہ یہ ایس اینڈ اے و شرکاء کی محنت اور ہمارے قابل فخر معزز وکلاء احباب کے اتحاد کی بدولت ہے اور میں اپنے مخلص ساتھیوں کی محبتوں کا مقروض ہوں۔

پوری پاکستانی قوم افواج پاکستان پر فخر ہے: شیخ محمد عثمان

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پوری پاکستانی قوم کو اپنی افواج پاکستان پر فخر ہے دہشت گردی کے خلاف سیکورٹی اداروں کا کردار قابل تحسین ہے پاکستان کو امن کا گہوارہ بنائیں گے ان خیالات کا اظہار قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی پنجاب کے پریس سیکرٹری شیخ محمد عثمان بھراڑہ ضلعی صدر عمر دراز بھٹی سٹی صدر محمد مرید سلطان ٹوانہ نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی پنجاب کے پریس سیکرٹری شیخ محمد عثمان بھراڑہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان ہماری نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے افواج پاکستان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا ہر مشکل وقت میں ہماری سیکورٹی اداروں نے اپنا بھرپور کردار ادا کیا دہشت گردی کے خاتمے کے سلسلہ میں پاک فوج سیکورٹی اداروں اور پولیس کا کردار قابل تحسین ہے بیرونی طاقتیں پاکستان کے حالات خراب کرنا چاہتی ہیں ہم سب مل کر اغیار کی سازشوں کو ناکام بنائیں گے

بین المسالک و مذاہب رواداری کونسل کا مذہبی اقلیتوں کو قومی دھارے میں شامل کرنا پاکستان میں ان کی خدمت کا اعتراف ہے

فیصل آباد (سالم۔الیاس) پاسٹر وچیئرمین لائٹ آف دی ورلڈ منسٹری آزر نیاز نے کہا ہے کہ بین المسالک و مذاہب رواداری کونسل کا مذہبی اقلیتوں کو قومی دھارے میں شامل کرنا پاکستان میں ان کی خدمت کا اعتراف ہے چیئرمین ڈاکٹر افتخار نقوی، علامہ ریاض کھرل، مفتی محمد انس مدنی، پیر ایوب شاہ، عاصم رشید کمبوہ، رانا فرحت علی کی قومی سوچ کو ہم خوش آمدید کہتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشترکہ پریس کانفرنس میں کیا ان کا کہنا تھا کہ ہم پاکستانی عوام سے سپہ سالار حافظ عاصم منیر اور سیکورٹی کے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ہم مسلح افواج کی قربانیوں اور شہداء کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں ہم مایوس نہیں بلکہ جدوجہد فرض ہے انہوں نے کہا مذہبی اقلیتی بلخصوص مسیحی مذہبی رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کے لئے قومی دھارے کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہم ملکی استحکام اور امن کے لئے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

چوہدری حفیظ چدھڑ تھانہ شاہ جھور چوکی انچارج تعینات سول سوسائٹی نے چوکی پہنچنے پہ شاندار استقبال کیا

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) چوہدری حفیظ چدھڑ تھانہ شاہ جھور چوکی انچارج تعینات سول سوسائٹی نے چوکی پہنچنے پہ شاندار استقبال کیا اس موقع پہ معروف کاروباری شخصیت فرید خاں بلوچ صدر ٹرانسپورٹ حاجی امیر کالے خاں بلوچ شاھد مدھول کے علاوہ کثیر تعداد میں معززین نے بر جوش استقبال کیا چوھدری حفیظ چدھڑ نے معززین کا شکریہ ادا کرتے ہوے کہا وہ ڈی پی او اوکاڑہ راشد ھدایت اور ایس ایچ او شاھجور سلیم سکیھرا کی سربراھی میں کراہم کی روک تھام اور امن قاہم کرنے کے لیے کوشاں رھیں گے معززین نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کی اور پھولوں کے مالا پہنائے چیرمین ملک نیاز جھگڑ نے بھی پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔

مظہر علی بھٹی تحصیل بار ایسوسی ایشن دیپالپور کے پرنٹ میڈیا ایڈوائزر مقرر، صدر سید یاسر حسن گیلانی نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کیا

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) مظہر علی بھٹی تحصیل بار ایسوسی ایشن دیپالپور کے پرنٹ میڈیا ایڈوائزر مقرر، صدر سید یاسر حسن گیلانی نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کیا۔ تفصیلات کے مطابق اتحاد پریس کلب دیپالپور کے جنرل سیکرٹری مظہر علی بھٹی کو تحصیل بار ایسوسی ایشن دیپالپور کا پرنٹ میڈیا ایڈوائزر مقرر کر دیا گیا۔ اس حوالے سے تحصیل بار ایسوسی ایشن دیپالپور کے صدر سید یاسر حسن گیلانی نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کیا۔ اتحاد پریس کلب دیپالپور کی ٹیم نے مظہر علی بھٹی کو اس اعزاز پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور ان کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ امید ظاہر کی جا رہی ہے کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے انجام دیتے ہوئے صحافت اور بار ایسوسی ایشن کے درمیان مضبوط تعلقات قائم کریں گے۔

جامعہ مسجد شرقیہ میں محفل معراج النبی اور جلسہ دستار فضیلت کا انعقاد

شیخ الحدیث پیر سید ناصر حسین شاہ اور سید معین الدین بخاری نے حفاظ کرام کی دستار بندی کی اور اسناد دیں



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جامع مسجد شرقیہ میں محفل معراج النبی اور جلسہ دستار فضیلت کا انعقاد کیا گیا شیخ الحدیث والتفسیر پیر سید مفتی ناصر حسین شاہ اور سید معین الدین بخاری نے حفاظ کرام اور تنظیم مدارس اہلسنت کے امتحان میں کامیابی حاصل کرنے والے حفاظ کرام کی دستار بندی اور اسناد تقسیم کیں خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ واقعہ معراج بہت بڑا معجزہ ہے اللہ تعالی نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آمنے سامنے بیٹھا کر دیدار کروایا اور دنیا کو مقام مصطفی بتا دیا واقعہ معراج سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام اور مرتبہ واضح ہو جاتا ہے یہ معجزہ کسی بھی دوسرے کو عطا نہیں کیا گیا وہ لوگ خوش قسمت ہیں جو قرآن مجید کو حفظ کرتے ہیں حافظ قرآن کے والدین کو سونے کا تاج پہنایا جائے گا اپنے بچوں کو قرآن مجید کی تعلیم لازمی دیں تا کہ ان تک اللہ تعالی کے احکامات واضح ہوں قاری صابر نے تلاوت میاں محمد نواز نے نقابت قاری محمد خالد چشتی اور حامد خالد نے معراج النبی کے موضوعات پر تقریریں کی بابار مضان اور احمد خالد سمیت دیگر نے نعت شریف پڑھ کر اپنی حاضری لگوائی اختتام پر درود و سلام اور امت مسلمہ کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

عوامی خدمت کا مشن لئے کمشنر فیصل آباد مریم خان نے ضلع جھنگ کا دورہ کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) عوامی خدمت کا مشن لئے کمشنر فیصل آباد مریم خان نے ضلع جھنگ کا دورہ کیا اور زیر تعمیر ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی سائٹ کا وزٹ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ 73 کروڑ روپے سے تعمیر ہونے والا ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ اکتوبر 2025 میں مکمل ہو گا۔ ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ سے سیوریج کے پانی کو صاف کرنے کے بعد زراعت کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ کمشنر نے جاری پراجیکٹ کو ٹائم لائن کے ساتھ مکمل کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ شفافیت کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھیں ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر مریم خان نے کہا کہ فیصل آباد ڈویژن میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل ہدف ہے اسی سلسلے میں اضلاع کے دورے کر رہی ہوں۔ انہوں نے ٹوبہ روڈ بائی پاس پر کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ کمیٹی کی جانب سے زیر تعمیر مویشی منڈی کا وزٹ بھی کیا۔ ڈپٹی کمشنر جھنگ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ 160 ایکڑ پر زیر تعمیر مویشی منڈی مئی 2025 میں مکمل ہو گی۔ مویشی منڈی میں شیڈز، مسجد، ہوٹل، ایڈمن بلاک شامل ہیں۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ سٹیٹ آف دی آرٹ مویشی منڈی کو ٹائم لائن کے ساتھ مکمل کیا جائے۔ کمشنر فیصل آباد ڈویژن میں صحت کی سہولیات عوام کی دہلیز پر پہنچانے کے لئے بھی پر عزم کمشنر مریم خان دورہ جھنگ پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال پہنچیں اور غلام نبی بلاک میں زیر تعمیر میڈیکل اینڈ کارڈیک ایمرجنسی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے محکمہ بلڈنگ کے افسران سے میڈیکل اینڈ کارڈیک ایمرجنسی کی تکمیل کے حوالے سے بریفنگ لی۔ کمشنر نے شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میڈیکل اینڈ کارڈیک ایمرجنسی کی تکمیل سے ریونیو کو معیاری طبی سہولیات ملیں گی۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا بھی دورہ کیا اور زیر علاج مریضوں کی عیادت کر کے ان سے ادویات کی فراہمی اور طبی سہولیات بارے دریافت کر کے اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے چائلڈ نرسری میں انتظامات و سہولیات کے حوالے سے ڈاکٹرز سے بریفنگ لی جبکہ بچوں کی ایمرجنسی میں ڈاکٹر سے علاج معالجہ کے حوالے سے دریافت کیا۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کے علاج معالجہ میں تعطل نہ آنے دیں۔

گیمبر کے سینئر صحافی و مصنف الطاف ساقی کی جانب سے پرتکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا

گیمبر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) گیمبر کے سینئر صحافی و مصنف الطاف ساقی کی جانب سے پرتکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا جس میں سیاسی و سماجی شخصیات سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق سینئر صحافی و مصنف الطاف ساقی کی جانب سے پرتکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا جس میں سیاسی و سماجی شخصیت عبدالحمید باجوہ، صوبائی اسمبلی ٹکٹ ہولڈر پاکستان تحریک انصاف مہر عبدالستار، وی پی کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چوہدری عمیر خادم، سابق وی پی ندیم انور بھٹی، چوہدری اختر حمید، چیمبرین (یونین لیسکو اوکاڑہ) ملک طاہر حسین، ایڈمن آفیسر انسپکٹر موڑ دے پولیس خیام چوہان، سیف اللہ شاکر جوائنٹ سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ، سینئر صحافی حافظ محمد حسین رضا (نمائندہ نوائے وقت)، محمد اشرف مہیم (نمائندہ روزنامہ پاکستان)، عدنان شاہد (نمائندہ خبریں میڈیا گروپ)، فیضان شوکت محمد تیمور ذوالفقار، مرزا ماجد نثار، سرور بسرا، راجہ ظہیر کیانی سمیت دیگران نے شرکت کی۔

انکروچمنٹ آپریشن کسی صورت نہیں رہے گا۔ فدا افتخار میر



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ضلع بھر میں ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری ہے۔ CO ضلع کونسل سیالکوٹ۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات ہر صوبہ پنجاب کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع سیالکوٹ کی تمام چاروں تحصیلوں میں ناجائز تجاوزات و تعمیرات کے خلاف انٹی انکروچمنٹ آپریشن کامیابی سے جاری ہے ان باتوں کا اظہار چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ یہ سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سمبڑیال ڈسکہ سیالکوٹ پسرور تمام تحصیلوں میں ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی زیر نگرانی ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ کی زیر قیادت تمام تحصیلوں کے میونسپل کارپوریشن آفیسران و انچارج انکروچمنٹ سیل عملہ کے ہمراہ ٹریفک پولیس سیالکوٹ و متعلقہ تھانہ جات کے پولیس اہلکاروں کی موجودگی میں بھاری مشینری کیساتھ اب تک سینکڑوں ناجائز تجاوزات و تعمیرات گرا چکے ہیں اور شہری و دیہی علاقہ جات میں انکروچمنٹ آپریشن جاری ہے۔

ماڈل ٹاؤن اگو کی ناقص سیوریج سسٹم کیوجہ سے روڈ کی مخدوش حالت

سوسائٹی صدر فلفور اس جانب توجہ دیں۔ اظہر حمید بھٹی

انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے اقدامات کریں۔ عثمان بٹ

سیالکوٹ (بیورو چیف) اگو کی ماڈل ٹاؤن میں سیوریج سسٹم ناکارہ ہونے کے باعث مین روڈ ریلوے کراسنگ اور مومال روڈ پر گٹروں کے تعفن زدہ پانی کیوجہ سے سڑکوں کی حالت ناگفتہ بہ اور رہائشیوں کے علاوہ گزرنے والی گاڑیوں و پیدل سواروں کیلئے انتہائی پریشانی کا عالم ہے۔ افسوس ناک امر یہ کہ اوپر سے جب تھوڑی سی بھی بارش ہو تو گٹروں کا گندہ پانی گھروں کے سامنے اور سڑکوں پر کھڑا رہنے سے علاقہ مکین کئیں روز عذاب مسلسل کی اذیت سے دوچار رہتے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے معروف ایکسپورٹر و سماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی آف سانزلے انڈسٹریز اور عثمان بٹ نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سوسائٹی صدر محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہم سوسائٹی واجبات بروقت ادا کرنے کو تیار مگر افسوس کا مقام یہ کہ ہمیں سیوریج کے گندے و تعفن زدہ پانی سے چھٹکارہ دلائیں۔ سڑکوں گلی محلوں میں سیوریج کے گندے پانی سے جہاں تعفن پھیلتا وہیں ڈینگی مچھر کی افزائش بھی اس پانی میں ڈینگی لاروا کی صورت ہوتی ہے جس سے بیماریوں اور جلدی امراض کا شدید اندیشہ ہے۔

ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی سیالکوٹ کا اجلاس منعقد ہوا

منشاء اللہ بٹ و اے ڈی سی آر اقبال سنگھیڑہ نے صدارت کی



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) سینئر پارلیمنٹیرین رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی سیالکوٹ کا اجلاس ڈی سی آفس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ رکن صوبائی اسمبلی نویدا شرف لیڈی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونین محمد اقبال سنگھیڑہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ مظفر محمود، ایکسین ہائی وے بلڈنگ، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ، میونسپل کارپوریشن/کمیٹیز بھی موجود تھے۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے چیف منسٹر ڈسٹرکٹ سٹیزن ایبل ڈویلپمنٹ گوارنز پروگرام کے تحت ضلع سیالکوٹ میں 4 ارب 42 کروڑ روپے سے 158 جاری ترقیاتی اسکیموں پر کام کی پراگرس کا جائزہ لیا اور متعلقہ محکموں کو مقررہ مدت معیاد کے اندر منصوبوں کی تکمیل کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنایا جائے اور روڈ انفراسٹرکچر کی اسکیموں پر کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ اربن روڈ کی لاگت سے تعمیر ہونے والی روڈ زکو محفوظ بنانے کیلئے روڈ کے اطراف مٹی کے ڈھیروں کو روڈ کے لیول سے نیچا کیا جائے تا کہ پانی کھڑا ہونے سے انفراسٹرکچر کو نقصان نہ پہنچے اور قیمتی سرمایہ سے ترقیاتی منصوبوں سے عوام الناس عرصہ دراز تک استفادہ حاصل کر سکیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع بھر میں پتنگ بازی کی روک تھام کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع بھر میں پتنگ بازی کی روک تھام کیلئے عملی اقدامات جاری ہے۔ آگاہی مہم کے سلسلہ میں ایس ایچ او تھانہ رجوعہ کا گورنمنٹ ہائی سکول رجوعہ کا وزٹ کیا۔ ایس ایچ او نے سٹوڈنٹس کو پتنگ بازی کے مضمرات سے متعلق آگاہی لیکچر دیا گیا اور روک تھام کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کی ہدایت کی۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ پتنگ بازی قاتل کھیل اور جرم ہے جس کی روک تھام کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ کئی افراد گھروں کی چھتوں سے گر کر اور گلے میں ڈور پھرنے سے موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پتنگ بازی کے مکمل خاتمہ کیلئے اساتذہ اور والدین اپنا کردار ادا کرتے ہوئے بچوں کو خونی کھیل سے روکیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ کا ٹی ایچ کیو ہسپتال دیپالپور میں طبی سہولیات کا جائزہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر سیف اللہ



وڑائچ کا ٹی ایچ کیو ہسپتال دیپالپور میں طبی سہولیات کا جائزہ۔ انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کی چیکنگ کی اور صفائی ستھرائی سمیت مریضوں کو مفت ادویات کی دستیابی سمیت ڈاکٹر کی حاضری اور صفائی ستھرائی کے امور کا بھی جائزہ لیا، سی ای او ہیلتھ نے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ مریضوں کو تبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام ممکنہ اقدامات کرے اور اس سلسلہ میں ہسپتال کی مانیٹرنگ کا عمل جاری رکھے، مریضوں کی تشخیص اور علاج معالجہ کے لیے بہترین میڈیکل سروسز کو یقینی بنایا جائے اور ان کی خدمت کے عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا جائے۔

جدید ٹیکنالوجی کے بے جا استعمال نے نوجوان نسل کو گھروں کے اندر تک محدود کر دیا: اظہر سلطان

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سینئر صحافی، کالم نگار اور گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کے جنرل سیکرٹری مرزا اظہر سلطان مغل نے ایک خصوصی بیان میں کہا کہ دور حاضر میں جدید ٹیکنالوجی کے بے جا استعمال نے نوجوان نسل کو گھروں کے اندر تک محدود کر دیا ہے۔ ان کی ذہنی صلاحیتوں کی افزائش کیلئے مثبت تفریحی و ثقافتی سرگرمیوں کا انعقاد بہت ضروری ہے تا کہ نوجوان اپنی پوشیدہ صلاحیتوں سے استفادہ کر سکیں انہوں نے مزید کہا کہ اس سلسلے میں گلوبل یونین آف جرنلسٹس اور "مہربان ویلفیئر فاؤنڈیشن" کے اشتراک سے متعدد ایونٹس آرگنائز کیے جائیں گے۔ ان پروگرامز کا ایک اور مقصد نوجوانوں میں موبائل کا بے جا استعمال روکنا ہے۔ پروگرام کے انعقاد کے حوالے سے متعلقہ ثقافتی فورمز اور سکول کالجز سے بھی رابطے میں ہیں۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر بچوں کی حفاظت اور خود اعتمادی کیلئے جھنگ پولیس سرگرم

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر بچوں کی حفاظت اور خود اعتمادی کیلئے جھنگ پولیس سرگرم، تعلیمی اداروں میں ہراسمنٹ کے خلاف آگاہی سیمینارز کا سلسلہ جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر بچوں کی حفاظت، خود اعتمادی اور جنسی ہراسگی سے بچاؤ کیلئے آگاہی سیمینار کا سلسلہ جاری ہے۔ انچارج ورچوئل وومن پولیس اسٹیشن فضہ رخ نے جی سکول میں حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق بچوں کو انکے حقوق، ہراسمنٹ کے خلاف حفاظتی تدابیر اور قانونی مدد کے بارے میں آگاہی دی۔ شہری حلقوں اور تعلیمی اداروں میں پولیس کی مہم کو خوب سراہا جا رہا ہے۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ بچوں اور عورتوں کو ہر قسم کی ہراسمنٹ سے

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بھارتی یوم جمہوریہ اور کشمیری عوام کا یوم سیاہ

اتوار کے روز کنٹرول لائن کے دونوں جانب اور دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں نے بھارت کے نام نہاد یوم جمہوریہ کو بھرپور یوم سیاہ کے طور پر منایا۔ اس موقع پر بھارت مخالف جلسے جلوس اور مظاہرے کیے گئے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس اور دیگر آزادی پسند تنظیموں نے اس دن کے موقع پر احتجاجی مظاہروں اور ریلیوں کی کال دی تھی، مقبوضہ جموں وکشمیر میں مکمل ہڑتال کی گئی جبکہ آزاد جموں وکشمیر، پاکستان اور دنیا بھر کے بڑے شہروں میں بھارت مخالف ریلیاں نکالی گئیں۔ ان مظاہروں کا مقصد عالمی برادری کو یہ پیغام دینا تھا کہ کشمیریوں کے بنیادی حقوق غصب کرنے کے ناطے بھارت متنازعہ علاقے میں اپنا یوم جمہوریہ منانے کا اخلاقی اور قانونی جواز نہیں رکھتا۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی سمیت حریت پسند تنظیموں نے کہا ہے کہ کشمیریوں کو انکے بنیادی حقوق سے محروم کرنے والے بھارت کے پاس اپنا یوم جمہوریہ منانے کا کوئی اخلاقی جواز نہیں ہے۔ کشمیری عوام گزشتہ 76 سال سے جس جرات مندی اور بہادری کے ساتھ اپنی جانوں کے نذرانے دیتے ہوئے بھارتی فوجی درندوں کا مقابلہ کر رہے ہیں اور بھارت کے تمام تر ہتھکنڈوں کے باوجود انکے پائے استقلال میں ہلکی سی لرزش تک نہیں آئی یہ اس امر کا ثبوت ہے کہ انہوں نے بھارت کے ناجائز تسلط کو نہ پہلے تسلیم کیا ہے اور نہ آئندہ کبھی قبول کرینگے۔ اسی تناظر میں کشمیری عوام بھارت کے مخصوص ایام کو، چاہے بھارت کا یوم آزادی ہو یا یوم جمہوریہ بطور یوم سیاہ منا کر عالمی برادری اور عالمی طاقتوں کے سامنے اپنا احتجاج ریکارڈ کراتے ہیں تا کہ وادی میں غیر قانونی قابض بھارتی فوج کے ہاتھوں وسیع پیمانے پر ہونیوالی انسانی حقوق کی پامالی تذلیل بے گناہ کشمیریوں کی زیر حراست ہلاکتوں کی طرف انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کی توجہ دلائی جاسکے مگر مقام افسوس یہ ہے کہ کشمیریوں کی تمام تر کوششوں اور کاوشوں کے باوجود عالمی برادری کے ضمیر جاگ جارہے ہیں اور نہ ہی اقوام متحدہ جیسا عالمی نمائندہ ادارہ ٹس سے مس ہو رہا ہے جس کے چارٹر کا مقصد ہی دو ملکوں کے درمیان تصفیہ طلب مسئلے کا منصفانہ اور پائیدار حل نکالنا ہے۔ بھارت پوری ڈھٹائی کے ساتھ گزشتہ 76 برس سے دنیا کو یہ باور کراتا چلا آرہا کہ کشمیر اس کا اٹوٹ انگ ہے اور کشمیری عوام اسکے ساتھ کھڑے ہیں۔ بھارت تو اپنی روایتی ڈھٹائی اور توسیع پسندانہ عزائم کے تحت کشمیری عوام کو اپنے تسلط سے آزاد کرنے پر کبھی آمادہ نہیں ہوگا اور وہ آزاد کشمیر سمیت پوری وادی کو ہڑپ کرنے کا کوئی ہتھکنڈہ بھی اپنے ہاتھ سے نہیں جانے دیگا اس لئے اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی قراردادوں کی روشنی میں مسئلہ کشمیر کے پائیدار حل پر بھارت کو آمادہ کرے اگر وہ اس طرف نہیں آتا تو انسانی حقوق کی بدترین پامالی وادی میں قتل و غارت گری اور عالمی قوانین کی خلاف ورزی پر اس پر عالمی اقتصادی پابندیاں عائد کی جانی چاہئیں جبکہ مسلم دنیا کو کم از کم کشمیر کی آزادی تک بھارت کے ساتھ ہر قسم کی تجارت اور اسکی تمام تر مصنوعات کا بائیکاٹ کر دینا چاہیے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کی تجاوزات اور صفائی کے خاتمے کی مہم

تجاوزات کا خاتمہ۔۔راستے کشادہ آمد ورفت آسان۔۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق پورے پنجاب میں تجاوزات کے خاتمے کی یہ مہم پورے زور شور سے جاری ہے جو یقیناً "قابل تحسین ہے۔ گو وزیراعلیٰ پنجاب نے اپنے ایک سالہ دور اقتدار میں اپنے آپ کو عوام کا صحیح خادم ثابت کرنے کے لیے ہر شعبہ زندگی میں اصلاحات کی کوشش کی ہے جو قابل ستائش ہے۔ خاص طور پر نوجوانوں اور طلبہ کے لیے ان کی کاوشیں قابل تعریف ہیں جو انہیں میاں نواز شریف کا صحیح سیاسی جان نشین ثابت کرتی ہیں۔ وہ نواز شریف کی طرح سڑکوں اور راستوں کی اہمیت اور صفائی کی افادیت کو خوب اچھی طرح جانتی ہیں۔ کسان کارڈ، صحت کارڈ، میٹرنٹی کارڈ کے اجرا پڑھے لکھے نوجوانوں کے لیے انٹرن شپ، پرائس کنٹرول اور آوٹ سورس سکولوں جیسے مشکل اقدامات کے بعد وزیراعلیٰ پنجاب نے گذشتہ ماہ دسمبر میں پانچویں دفعہ تجاوزات کے خاتمے، صفائی کا حکم دیتے ہوئے انتظامیہ کو سات دن کی وارننگ بھی دی ہے کہ اس دوران میں پورا پنجاب انہیں مکمل صاف چاہیے۔ یہ ایک بہت بڑا چیلنج ہے اور ان کا مشکل ترین انقلابی فیصلہ ہے جس پر عمل درآمد انتظامیہ کے لیے بھی اتنا آسان نہیں ہوگا۔ بہرحال اس فیصلے پر بڑی تیزی سے کام جاری ہے اور شہروں کی صورتحال بدل رہی ہے۔ یقین ہی نہیں آتا کہ یہ وہی سڑکیں اور بازار ہیں جہاں سے گزرنا مشکل ہوتا تھا۔ تجاوزات کے خاتمے سے ایک جانب ٹوٹریفک کی روانی میں بہتری آئی ہے اور شہریوں کو آسان آمد ورفت اور خریداری کی سہولت ملی ہے تو دوسری جانب صفائی ستھرائی کی باعث سڑکوں اور بازاروں کی اصل خوبصورتی بھی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ تجاوزات کے خاتمے کے بعد دکانوں کے سامنے کے پینگنگ اور اضافی چھپڑوں کو گرا کر ایک یکساں ماڈل کے تحت ترتیب دینے کا پروگرام ہے جو شہر کی خوبصورتی میں اضافے کا باعث بنے گا اور شہریوں کو ایک بہتر ماحول فراہم کیا جاسکے گا۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کے اس اقدام کو سراہا ہے اور امید یہ کی جارہی ہے کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا اور شہر کو ہر طرح کی تجاوزات سے مکمل طور پر پاک کر کے اس عمل داری کو بھی یقینی بنایا جائے گا اور قبضہ مافیہ کو دوبارہ اس کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے خیمہ بستیاں متبادل مقامات پر منتقل کرنے اور سنگل لائن ریڑھی بازار کے قیام اور اس کی پابندی کو بھی یقینی بنانے کا حکم دیا ہے تا کہ غریب ریڑھی والوں کا روزگار متاثر نہ ہونے پائے۔ صفائی کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبے بھر میں "نو ٹو پلاسٹک "مہم کی کامیابی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ سڑکوں پر بائیک لین مقرر کرنے اور چینی ماڈل کے تحت جنگلہ اور چھوٹی دیوار سے الگ کرنے، بائیک سوار کے لیے ہیلمٹ، بیک لائٹ اور انڈیکیٹر وغیرہ کی پابندی ضروری بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ ممکن ہے کہ کچھ لوگوں کو تجاوزات کے خاتمے سے تکالیف کا سامنا کرنا پڑے لیکن ایک دفعہ تو یہ کڑوا گھونٹ نگلنا ہی پڑے گا۔ کیونکہ یہ کسی ایک فرد کا مسئلہ نہیں ہے پورے ملک اور ہر شہر کے لوگوں کا مسئلہ ہے۔ یہ آپریشن اس وقت تک جاری رہنا چاہیے جب تک تجاوزات کا مکمل خاتمہ نہیں ہو جاتا۔ سب سے اہم یہ ہے کہ تجاوزات کے ختم ہونے کے بعد پھر سے انہیں قائم نہ ہونے دیا جائے۔ روک ٹوک اور مسلسل مانیٹرنگ کا ایسا نظام بنایا جائے جو ان تجاوزات کو دوبارہ قائم ہونے سے روک سکے۔ یونہی اس سے قبل بیشمار آپریشن کئے جا چکے ہیں لیکن لیکن تھوڑے عرصے میں نئی تجاوزات قائم ہو جاتی ہیں۔ ناجائز تجاوازت کا خاتمہ یقیناً "ایک بڑا مشکل اور سخت فیصلہ ہے مگر اس سے بھی زیادہ سخت اور مشکل فیصلہ ان تجاوزات کا دوبارہ بحال نہ ہونے دینا ہوگا۔ کلین اور گرین پاکستان کا وزیراعلیٰ کا یہ خواب تب ہی پورا ہو پائے گا۔ میرے تجاوزات اور صفائی کے بارے میں کئی اردو کالمز اور آرٹیکل شائع ہو چکے ہیں جن میں سے ایک آرٹیکل "فٹ پاتھ کی تلاش "اردو ڈائجسٹ میں شائع ہوا تو اسے بڑا سراہا گیا۔ جس میں ان تجاوزات کے بارے



میں تفصیل سے لکھا گیا تھا کہ ملک کا ہر چھوٹا بڑا شہر اس مسئلے کا شکار ہے اور اس آرٹیکل میں تجاوزات اور آلودگی کا آپس میں تعلق بھی بتایا گیا تھا اور اس کے خاتمہ کی بارے میں چند مثبت تجاویزات بھی پیش کی تھیں۔ ہمارے شہروں میں بہت سے دکانیں اور مارکیٹیں اپنی حد سے اس قدر تجاوز کر چکی ہیں کہ پیدل چلنے کے راستے بند ہو رہے ہیں۔ اس آرٹیکل میں سڑکوں اور بازاروں کے ساتھ ساتھ فٹ پاتھوں پر کاروبار کی حوصلہ شکنی کے لیے اقدامات کی اپیل کی تھی۔ امید ہے کہ حکومت پنجاب کا تجاوزات اور صفائی کا یہ عزم سلسلہ وارفٹ پاتھوں اور شہر کی گلیوں تک بھی ضرور پہنچے گا جہاں بڑی بڑی اور چوڑی گلیوں کو لمبے چوڑے تھڑے بنا کر تنگ کر دیا گیا ہے۔ اگر ہمارے علاقے کی میونسپلٹی چاہے تو یہ کوئی بڑا کام نہیں ہے۔ معروف سڑکوں بازاروں اور مارکیٹوں کے علاوہ گلی محلوں میں ہر جگہ پختہ و عارضی ہر دو قسم کی تجاوزات نے شہریوں کا جینا مشکل کیا ہوا ہے۔ جو آمد ورفت میں رکاوٹ کے علاوہ فضائی آلودگی میں اضافے کا باعث بن رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا یہ فیصلہ اندھیرے میں ایک امید کی کرن کی طرح ہے۔ ایک جانب تو ہمارے ہی گھروں کے تھڑے اور سیڑھیاں گلیوں کو تنگ کر دیتی ہیں تو دوسری جانب سیوریج کا ناقص انتظام گلیوں کو گندے پانی سے بھر دیتا ہے۔ میونسپلٹی کا عملہ سیوریج کی سالانہ فیس تو وصول کرتا ہے مگر صفائی کا عملہ کبھی کبھار ہی دکھائی دیتا ہے۔ ہم اپنے گھروں کا پانی سڑکوں اور گلیوں میں پھیلانے سے ذرا بھی دریغ نہیں کرتے اس لیے ہماری گلیاں اکثر گندے پانی سے بھر جاتی ہیں۔ ہماری درخواست ہے کہ اس طرح کے آپریشن کا دائرہ کار شہر کی سوسائٹیز اور کالونیوں تک دراز کر کے بلاتفریق ناجائز قابضین اور تجاوز کرنے والوں کی سدباب کیا جائے۔ صفائی کے میونسپل مقامی اداروں کو علاقائی صفائی کے لیے پابند کیا جائے۔ ہم وزیراعلیٰ پنجاب کے تجاوزات اور صفائی کے اس مشن کے شروع کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اور امید کرتے ہیں کہ اس سلسلے میں کیے جانے والا آپریشن لوگوں کے آسانیاں پیدا کرے گا۔ اسے کسی صورت بھی لوگوں کے لیے آزار کا باعث نہیں بننے دیا جائے گا۔ ہمیں بطور پاکستانی انفرادی اور اجتماعی طور اس مثبت حکومتی مہم کا حصہ بننا چاہیے۔ اس سلسلے ہر طرح کی سیاسی وسماجی وابستگی سے قطع نظر عوامی شعور بیدار کرنے لیے ہر سطح پر حکومت کے شانہ بشانہ کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے میڈیا، سوشل میڈیا، مدرسوں، اور مسجد ومنبر سے اس شعوری بیداری پر کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ امید ہے کہ ناجائز تجاوزات کے خلاف وزیراعلیٰ پنجاب کا یہ مشن ضرور کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔ یاد رہے کہ کھلی اور صاف ستھری سڑکیں ہمارے کھلے دلوں کی علامت ہوتی ہیں۔ بیشک صفائی نصف ایمان ہے۔ صفائی کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبے بھر میں "نو ٹو پلاسٹک "مہم کی کامیابی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ سڑکوں پر بائیک لین مقرر کرنے اور چینی ماڈل کے تحت جنگلہ اور چھوٹی دیوار سے الگ کرنے، بائیک سوار کے لیے ہیلمٹ، بیک لائٹ اور انڈیکیٹر وغیرہ کی پابندی ضروری بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ ممکن ہے کہ کچھ لوگوں کو تجاوزات کے خاتمے کے تکالیف کا سامنا کرنا پڑے لیکن ایک دفعہ تو یہ کڑوا گھونٹ نگلنا ہی پڑے گا۔ کیونکہ یہ کسی ایک فرد کا مسئلہ نہیں ہے پورے ملک اور ہر شہر کے لوگوں کا مسئلہ ہے۔ یہ آپریشن اس وقت تک جاری رہنا چاہیے جب تک تجاوزات کا مکمل خاتمہ نہیں ہو جاتا۔ سب سے اہم یہ ہے کہ تجاوزات کے ختم ہونے کے بعد پھر سے انہیں قائم نہ ہونے دیا جائے۔ روک ٹوک اور مسلسل مانیٹرنگ کا ایسا نظام بنایا جائے جو ان تجاوزات کو دوبارہ قائم ہونے سے روک سکے۔ کیونکہ اس سے قبل بیشمار آپریشن کئے جا چکے ہیں لیکن لیکن تھوڑے عرصے میں نئی تجاوزات قائم ہو جاتی ہیں۔ ناجائز تجاوازت کا خاتمہ یقیناً "ایک بڑا مشکل اور سخت فیصلہ ہے مگر اس سے بھی زیادہ سخت اور مشکل فیصلہ ان تجاوزات کا دوبارہ بحال نہ ہونے دینا ہوگا۔ کلین اور گرین پاکستان کا وزیراعلیٰ کا یہ خواب تب ہی پورا ہو پائے گا۔ میرے تجاوزات اور صفائی کے بارے میں کئی اردو کالمز اور آرٹیکل شائع ہو چکے ہیں جن میں سے ایک آرٹیکل "فٹ پاتھ کی تلاش "اردو ڈائجسٹ میں شائع ہوا تو اسے بڑا سراہا گیا۔ جس میں ان تجاوزات کے بارے میں تفصیل سے لکھا گیا تھا کہ ملک کا ہر چھوٹا بڑا شہر اس مسئلے کا شکار ہے اور اس آرٹیکل میں تجاوزات اور آلودگی کا آپس میں تعلق بھی بتایا گیا تھا اور اس کے خاتمہ کی بارے میں چند مثبت تجاویزات بھی پیش کی تھیں۔ ہمارے شہروں میں بہت سے دکانیں اور مارکیٹیں اپنی حد سے اس قدر تجاوز کر چکی ہیں کہ پیدل چلنے کے راستے بند ہو رہے ہیں۔ اس آرٹیکل میں سڑکوں اور بازاروں کے ساتھ ساتھ فٹ پاتھوں پر کاروبار کی حوصلہ شکنی کے لیے اقدامات کی اپیل کی تھی۔ امید ہے کہ حکومت پنجاب کا تجاوزات اور صفائی کا یہ عزم سلسلہ وارفٹ پاتھوں اور شہر کی گلیوں تک بھی ضرور پہنچے گا جہاں بڑی بڑی اور چوڑی گلیوں کو لمبے چوڑے تھڑے بنا کر تنگ کر دیا گیا ہے۔ اگر ہمارے علاقے کی میونسپلٹی چاہے تو یہ کوئی بڑا کام نہیں ہے۔ معروف سڑکوں بازاروں اور مارکیٹوں کے علاوہ گلی محلوں میں ہر جگہ پختہ و عارضی ہر دو قسم کی تجاوزات نے شہریوں کا جینا مشکل کیا ہوا ہے۔ جو آمد ورفت میں رکاوٹ کے علاوہ فضائی آلودگی میں اضافے کا باعث بن رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا یہ فیصلہ اندھیرے میں ایک امید کی کرن کی طرح ہے۔ ایک جانب تو ہمارے ہی گھروں کے تھڑے اور سیڑھیاں گلیوں کو تنگ کر دیتی ہیں تو دوسری جانب سیوریج کا ناقص انتظام گلیوں کو گندے پانی سے بھر دیتا ہے۔ میونسپلٹی کا عملہ سیوریج کی سالانہ فیس تو وصول کرتا ہے مگر صفائی کا عملہ کبھی کبھار ہی دکھائی دیتا ہے۔ ہم اپنے گھروں کا پانی سڑکوں اور گلیوں میں پھیلانے سے ذرا بھی دریغ نہیں کرتے اس لیے ہماری گلیاں اکثر گندے پانی سے بھر جاتی ہیں۔ ہماری درخواست ہے کہ اس طرح کے آپریشن کا دائرہ کار شہر کی سوسائٹیز اور کالونیوں تک دراز کر کے بلاتفریق ناجائز قابضین اور تجاوز کرنے والوں کی سدباب کیا جائے۔ صفائی کے میونسپل مقامی اداروں کو علاقائی صفائی کے لیے پابند کیا جائے۔ ہم وزیراعلیٰ پنجاب کے تجاوزات اور صفائی کے اس مشن کے شروع کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اور امید کرتے ہیں کہ اس سلسلے میں کیے جانے والا آپریشن لوگوں کے آسانیاں پیدا کرے گا۔ اسے کسی صورت بھی لوگوں کے لیے آزار کا باعث نہیں بننے دیا جائے گا۔ ہمیں بطور پاکستانی انفرادی اور اجتماعی طور اس مثبت حکومتی مہم کا حصہ بننا چاہیے۔ اس سلسلے ہر طرح کی سیاسی وسماجی وابستگی سے قطع نظر عوامی شعور بیدار کرنے لیے ہر سطح پر حکومت کے شانہ بشانہ کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے میڈیا، سوشل میڈیا، مدرسوں، اور مسجد ومنبر سے اس شعوری بیداری پر کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ امید ہے کہ ناجائز تجاوزات کے خلاف وزیراعلیٰ پنجاب کا یہ مشن ضرور کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔ یاد رہے کہ کھلی اور صاف ستھری سڑکیں ہمارے کھلے دلوں کی علامت ہوتی ہیں۔

خطیب اور شاعرہ کی کتب کے ساتھ شام

مجھے جو دعوت نامہ یو ایم ٹی ادبی بیٹھک کی جانب سے ملا، وہ پروفیسر ایم اے رفرف کے ساتھ ایک نشست کے حوالے سے تھا ان کی کتاب علم، عالم اور عالم پر تھی جس کی تقریب رونمائی اور پذیرائی کی رسم یو ایم ٹی ادبی بیٹھک میں تھی وہاں جا کر پتہ چلا کہ اوصاف حمیدہ سے متصف ایک نامور شاعرہ محترمہ حمیدہ شاہین کی کتاب اور حمیدہ شاہین کے ساتھ ایک شام کا بھی اہتمام موجود ہے جس نے اور زیادہ دلچسپی پیدا کر دی جناب احمد نصر اللہ یو ایم ٹی کی نیک نامی کے چلتے پھرتے سفیر ہیں اور محبت سے بھرے ہوئے انسان ہیں ان کا جی چاہتا ہے کہ وہ اپنے تمام چاہنے والوں کو چاہت کے سمندر میں رکھیں، بہت خوبصورت عادتوں کے دل فریب انسان ہیں پھر ان کا جو نظامت کے حوالے سے انتخاب تھا وہ حسن انتخاب تھا، ہمارے دل نواز دوست جناب نواز کھرل جو بولتے نہیں موتی رولتے ہیں انہوں نے بڑی خوبصورتی سے نظامت کے فرائض سرانجام دیتے ہوئے حفظ مراتب کا خاص خیال رکھا مجھے اس وقت علم عالم اور عالم کے حوالے سے پروفیسر ایم اے رفرف کے بارے میں بات کرنی ہے یہ عجیب اتفاق تھا کہ ایک خطیب اور شاعرہ دونوں کو بڑی خوبصورتی سے ایک جگہ پذیرائی ملی ویسے بھی افلاطون سے لے کر شبلی نعمانی تک تمام مفکرین بیٹھ اطابت کی اہمیت و افادیت کو تسلیم کیا ہے خطابت ایک ایسی ساحری ہے جو سامع کو اپنا اسیر کر لیتی ہے خطیب اپنے بسیط الفاظ سے سامع حواس خمسہ پر قبضہ کر لیتا ہے اور نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ سامع کے تمام تر جذبات و احساسات خطیب کے قبضے میں آجاتے ہیں اور وہ جب چاہے سامع کو ہنساتا اور جب چاہے رولا دیتا ہے شاعر اور خطیب میں ایک نازک سا فرق یہ ہوتا ہے کہ شاعر اپنے اور قاری کے جذبات کو آمیختہ کرتا ہے اور پھر اپنی شاعری کو با اختیار بناتا ہے جبکہ خطیب صرف الفاظ کے اتار چڑھاؤ سے سامع کے دلوں پر حکمران ہو جاتا ہے اور اسے اپنے الفاظ کا تابع بنا کر آنکھ کی پتلی کے طرح پھیرتا رہتا ہے بقول آتش

پھرتا ہوں پھیرتا ہے وہ پردہ نشیں جدھر
پتلی کی طرح سے میں نہیں اختیار میں

شاعر لفظوں سے طوطا مینا بناتا ہے اور خطیب اپنے الفاظ سے طوطا مینا میں جان ڈال کر سامع کے سروں پر بٹھا دیتا ہے معروف دانشور حکیم ارسطو نے بھی خطابت کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے تاہم اس نے شاعری کو خطابت پر نہ صرف فوقیت دی ہے بلکہ خطابت کو شاعری کا محض جزو قرار دیا ہے شاعری دراصل کومل جذبات و احساسات کی عکاسی کرتی ہے شاعر اور قاری دونوں کے نازک اندام دلوں میں گداز پیدا کرنا شاعری کا اولین فرض ہے۔ اس کے برعکس خطیب پر تجمل اور گھن گرج والے الفاظ استعمال کر کے سننے والوں کے دلوں کو دہلانے کا فریضہ بطریق احسن ادا کرتا ہے خطیب کی خطابت عارضی طور پر دلوں کو مسحور کرتی ہے لیکن شاعری کے اثرات دیرپا ہوتے ہیں شاعر اپنے قاری کے وجود میں دل جب کہ خطیب کان کے ذریعے داخل ہوتا ہے سنی ہوئی بات زیادہ دیر تک حافظے کی زینت نہیں بن پاتی جبکہ دل پر اثر ڈالنے والا شعر تاحیات حلاوت بخشتا رہتا ہے خطیب کی گفتگو کا محاصل واعظ و نصیحت ہوتا ہے کہ جبکہ شاعر تسکین پہنچانے کا متمنی ہوتا ہے ظاہر ہے کہ تبلیغ اور واعظ و نصیحت سے انسان اکتا جاتا ہے جبکہ سکون بخش شاعری سے انسان لطف اندوز ہونے کی شعوری کوشش کرتا ہے یہ بات بلاشک وشبہ بلا تردد کہی جاسکتی ہے کہ ایک انسان پر کسی بھی بلند پایا خطیب کی سیکڑوں تقاریر بھی وہ اثرات مرتب نہیں کر سکتیں جو کسی ایک شاعر کا ایک شعر مرتب کر دیتا ہے تاہم یہ بات پیش نظر رہے کہ اپنے ثمرات ونتائج کے اعتبار سے یہ دونوں قوتیں تخلیق کار کے لیے مفید اور کارآمد ہوتی ہیں اور تخلیق کاروں کو ان سے بے بیش از بیش فائدہ اٹھانا چاہیے اور آج ہم نے بھرپور فائدہ اٹھایا خطیب کی خطابت سے اور شاعرہ کی شاعری سے حمیدہ شاہین کی شاعری میں ساحری اور پروفیسر ایم اے رفرف کی خطابت میں حلاوت اور واعظ و نصیحت کے کئی ابواب موجود تھے انہوں نے علم، علم اور عالم



کے حوالے سے گفتگو کی اس کی جستجو میں سامعین کی آرزو جاگ اٹھی، حفیظ طاہر اور حمیدہ شاہین کے شریک حیات محترم المقام جناب ڈاکٹر ضیاء الدین جنہوں نے اپنی شریک حیات کے حوالے سے گفتگو کی اور حقیقت یہ ہے کہ ایک مثالی اور خوبصورت گفتگو تھی حمیدہ شاہین بجا طور پر کہہ سکتی ہیں کہ

میرا کمال میرا ہنر پوچھتے ہیں لوگ
ایک باکمال شخص میری دسترس میں ہے۔

انسانیت کا نقدان۔۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان اسلام کے نام پر وجود میں آیا ہے بدقسمتی سے پاکستان میں اسلامی قانون کا نفاذ نہ کیا گیا۔ اسی وجہ سے آج ہم دنیا سے بہت پیچھے ہیں افراتفری کا دور اور قانون نام کی کوئی چیز نہیں غریب اور امیر کیلئے قانون الگ الگ ہے۔ حکمران واشرافیہ ملک کو لوٹ رہے ہیں اور عوام بھی ایک دوسرے کو لوٹنے پر لگی ہے۔ ہمارے ملک میں عجیب صورتحال بنی ہوئی ہے مذہبی اور سیاسی فرقہ واریت عروج پر ہے۔ سب کی مسجدیں، پیر، سیاستدان الگ الگ ہیں ہر بندہ اپنا اپنا الو سیدھا کرنے پر لگا ہوا ہے مجال ہے کہ کوئی کسی کو حقوق العباد کا درس دے یہاں تو ہر غلط کام کرنے والے کو زیادہ سپورٹ کی جاتی ہے۔ سب کے اپنے اپنے مفادات ہوتے ہیں اپنے مفاد کی خاطر چاہے ملک وقوم کا بھی نقصان ہوتا ہو وہ کر دیتے ہیں۔ معزرت سے پاکستان شاید دنیا کا واحد ملک ہے جس میں سب سے زیادہ سچے پکے مسلمان ہیں مگر ہمارے ہی معاشرے میں سب سے زیادہ کرپشن، ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ، دو نمبری، فراڈ، ناپ تول میں کمی، معصوم کمسن بچوں کے ساتھ زیادتی کے بعد قتل کی وارداتیں، دہشت گردی، قتل و غارت، چوری و ڈکیتی، اغوا برائے تاوان کا بازار گرم ہے۔ کوئی بھی اپنا قبلہ درست کرنے کو تیار نہیں ہمارے معاشرے میں ایسے انسان بھی پائے جاتے ہیں جو آدم خور جانوروں سے بھی بدتر ہے۔ جو کمسن بچے معصوم جنت کے پھول ہوتے ہیں یہ درندہ صفت لوگ کیسے انکی زندگیوں سے کھیل جاتے ہیں۔ معصوم بچوں بچیوں سے زیادتی کر کے انکو قتل کر دیا جاتا ہے پھر ان جنت کے پھولوں کو کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں یا نہر برد کر دیا جاتا ہے۔ اس طرح کے واقعات سننے اور دیکھنے میں پاکستان میں ہی کیوں ملتے ہیں کیونکہ یہاں انسان ہیں انسانیت نہیں قانون ہے اس پر عمل نہیں، مجرم کو اسکی مکمل سزا نہ دینا یہ معاشرے کے ساتھ ظلم ہے المیہ یہ ہے سخت سزائیں اور فوری سستا انصاف نہ ملنے کی وجہ سے اس طرح کے واقعات ہوتے آرہے ہیں۔ ہم اسلام کا لبادہ اوڑھ کر پتہ نہیں کیا کیا کر رہے ہیں۔ نیچے سے اوپر تک آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے۔ جس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہم نے کلمہ پڑھا ہے یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین نہیں ہے بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو امن بھائی چارے عدل وانصاف کا درس دے یہاں تو ہر غلط کام کرنے والے کو زیادہ سپورٹ کی جاتی ہے۔ سب کے اپنے اپنے مفادات ہوتے ہیں وہ





چاہت فتح علی خان کیساتھ وائرل ویڈیو، متھیر اکا سخت ردعمل

بے باکی کو غلط انداز میں لینا یا ان کی ذاتی حدوں کو پار کرنا ناقابل قبول ہے، اداکارہ

کراچی (کلچرل ڈیسک) معروف ماڈل اور اداکارہ متھیر انے بغیر اجازت وڈیو بنانے اور اسے شیئر کرنے پر سوشل میڈیا اسٹار چاہت فتح علی خان پر سخت تنقید کی ہے۔ متھیر انے وضاحت کی کہ یہ وائرل وڈیو ان کے شو کے کیمروں سے نہیں بلکہ چاہت فتح علی خان کی جانب سے عجیب اینگل سے بنائی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ مہمانوں کو ہمیشہ عزت دیتی ہیں لیکن چاہت نے ان کے اعتماد کو ٹھیس پہنچائی۔ انہوں نے کہا، "بولڈ ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ کوئی بھی مجھے گلے لگائے یا پشت پر ہاتھ رکھے۔ یہ سب حد سے تجاوز ہے، اور ایک باشعور انسان ایسی حرکت نہیں کرے گا۔" اداکارہ نے بتایا کہ چاہت فتح علی خان نے وڈیو بنانے کی یقین دہانی کرائی تھی لیکن ابھی تک نہ وڈیو ہٹائی گئی ہے اور نہ معافی مانگی گئی۔ متھیر انے اپنی مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لوگ شہرت کے لیے ایسی حرکات کرتے ہیں، جو کہ بہت افسوسناک ہے۔ انہوں نے اپنے مداحوں کو متنبہ کیا کہ وہ انہیں نہ گلے لگانے کی کوشش کریں اور نہ ہی ہاتھ ملانے کی، کیونکہ ان کی ذاتی حدود ہیں جن کا احترام ضروری ہے۔



شام ادریس کے معروف یوٹیوبر ڈی کی بھائی پر سنگین الزامات، ثبوت بھی لے آئے

کراچی (کلچرل ڈیسک) معروف یوٹیوبر شام ادریس نے اپنے پرانے حریف ڈی کی بھائی پر سنگین الزامات عائد کیے اور چند ثبوت بھی سامنے لے آئے ہیں۔ واضح رہے کہ شام ادریس اور ڈی کی بھائی کے درمیان گزشتہ 7 سال سے جھگڑا ہے جس کا آغاز ڈی کی بھائی کی جانب سے ہوا تھا۔ ڈی کی بھائی نے شام ادریس کی ڈیلی وی لاگنگ پر تنقید کرتے ہوئے شادی اور دیگر چیزوں پر بات کی جس کے بعد دونوں کے درمیان کھل کر کشیدگی ہوئی۔ اب شام ادریس نے 7 سال کی خاموشی توڑتے ہوئے ڈی کی بھائی پر ایک بار پھر سنگین الزامات عائد کیے اور ثبوت سامنے لانے کا دعویٰ کرتے ہوئے ویڈیو شیئر کردی۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ڈی کی بھائی کا فیس بک پیج بند کروانے کے پیچھے ان کا ہی ہاتھ تھا جس کی وجہ کوئی اور نہیں بلکہ ویڈیو کا ٹینینٹ تھا۔ شام ادریس نے اپنے ویڈیو میں کہا کہ 7 سال پہلے جو چیز مجھے سمجھ آگئی تھی وہ اب آپ سب کے سامنے بے نقاب ہو رہی ہے، ڈی کی نے چھوٹے یوٹیوبرز کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے اس ویڈیو میں چند لوگوں کو شامل کیا جنہوں نے یوٹیوبر ڈی کی بھائی پر تشدد سمیت دیگر الزامات عائد کیے اور دعویٰ کیا کہ ڈی کی نے انہیں ڈرایا اور دھمکایا جبکہ مقدمہ درج کرنے، گھر سے اٹھوا کر تشدد کرنے کی بھی دھمکیاں دیں۔



پلیز مجھے امیر کردو، حرامانی اور رجب بٹ کی ویڈیو وائرل

حرامانی کی یوٹیوبر رجب بٹ سے انوکھی اپیل، رجب نے بڑا تحفہ دینے کا اعلان کردیا

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ، ماڈل اور گلوکارہ حرامانی نے حال ہی میں پاکستانی یوٹیوبر رجب بٹ سے ایک انوکھی درخواست کی ہے، جس کے جواب میں رجب بٹ نے بھی ایک بڑا اعلان کردیا ہے۔ حرامانی اور رجب بٹ کا یہ دلچسپ واقعہ ایک ویڈیو کلپ کے ذریعے سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہا ہے، جس پر صارفین کی جانب سے دلچسپ تبصرے بھی کیے جارہے ہیں۔ یہ ویڈیو اس وقت بنائی گئی جب حرامانی میک اپ روم میں موجود تھیں اور رجب بٹ اپنے معمول کے مطابق ولاگنگ کررہے تھے۔ دونوں شخصیات کے درمیان سلام دعا اور خیریت دریافت کرنے کے بعد، حرامانی نے رجب بٹ کی تعریف کرتے ہوئے انہیں ایک بڑی شخصیت قرار دیا۔ پھر اچانک انہوں نے رجب بٹ سے ایک ایسی درخواست کردی جس نے سب کو حیران کردیا۔ حرامانی نے رجب بٹ سے کہا کہ چونکہ وہ خود ایک مشہور یوٹیوبر ہیں، اس لیے وہ ان کی رہنمائی کریں تاکہ وہ بھی اپنا یوٹیوب چینل شروع کرسکیں۔ یہاں تک کہ انہوں نے مزاحیہ انداز میں یہ بھی کہہ دیا کہ پلیز مجھے امیر کردو۔ حرامانی کی اس فرمائش پر رجب بٹ نے فوری طور پر ایک بڑا اعلان کردیا۔ لائیو وڈیو میں رجب بٹ نے دعوے سے کہا کہ وہ اس وقت پاکستان کے ٹاپ یوٹیوبرز میں سے ایک ہیں اور اگر حرامانی اپنا یوٹیوب چینل بناتی ہیں تو وہ جلد ہی اداکاری چھوڑ دیں گی۔ رجب نے مزید کہا کہ جس دن حرامانی کا چینل بنے گا، وہ انہیں بطور تحفہ نصف ملین یعنی پانچ لاکھ سبسکرائبرز دیں گے۔ رجب بٹ کے اس اعلان کے بعد حرامانی خوشی سے نہال نظر آئیں، جبکہ سوشل میڈیا صارفین اس پر ملے جلے ردعمل کا اظہار کررہے ہیں۔ کچھ صارفین نے حرامانی کے اس انداز کو غیر معیاری قرار دیا اور کہا کہ انہیں اس طرح کسی سے مدد نہیں مانگنی چاہیے تھی۔ تاہم، کچھ صارفین نے اسے ایک دوستانہ مذاق قرار دیا اور رجب بٹ کے اعلان کو سراہا۔ اس واقعے نے سوشل میڈیا پر ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے۔



2024 کی 10 مقبول ترین انڈین ویب سیریز کی فہرست جاری

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارت کی ویب سیریز کے لیے 2024 انقلابی سال ثابت ہوا جہاں اسٹریمنگ پلیٹ فارمز نے دلکش کہانیاں اور شان دار مواد پیش کرکے ناظرین کے دل جیت لیے۔ ویب سیریز میں سرفہرست ایمیزون پرائم ویڈیو کی "مرزاپور سیزن "3 رہی جو سب سے زیادہ دیکھی جانے والی ویب سیریز بنی، اس سیریز کو 30.8 ملین ناظرین نے دیکھا۔ دوسرے نمبر پر 28.2 ملین ناظرین کے ساتھ "پنچایت سیزن "3 رہی، جس نے سادہ اور دل کو چھونے والی کہانیوں کی مقبولیت کو ثابت کردیا۔ نیٹ فلکس اور پرائم ویڈیو نے اس سال کے بہترین شوز کی فہرست پر اپنی بالادستی قائم رکھی اور مختلف موضوعات پر مبنی سیریز پیش کیں۔ نئی ویب سیریز "انڈین پولیس فورس "اور" کال می بے "نے بھی زبردست کامیابی حاصل کی، مذکورہ سریز نے بالترتیب 19.5 ملین اور 13.6 ملین ناظرین کو اپنی جانب راغب کیا۔ یہ کامیابیاں بھارت کے بڑھتے ہوئے او ٹی ٹی مارکیٹ کی عکاسی کرتی ہیں جہاں متنوع کہانیوں کو پسند کیا جارہا ہے۔



نعمان علی نے کیریئر میں دوسری بار ٹیسٹ میچ میں 10 وکٹیں لے لیں

پہلی اننگز میں ویسٹ انڈیز کے 6، دوسری اننگز میں 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دیکھائی



کراچی (اسپورٹس ڈیسک) قومی ٹیم کے اسپنر نعمان علی نے اپنے مختصر سے ٹیسٹ کیریئر میں دوسری بار 10 وکٹیں لینے کا کارنامہ سرانجام دیدیا۔ ملتان میں کھیلے جارہے سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ میں قومی ٹیم کے 38 سالہ اسپنر نعمان علی نے مختصر کیریئر کے دوران ایک ٹیسٹ میں 10 وکٹیں لینے کا کارنامہ سرانجام دیا۔ انہوں نے پہلی اننگز میں ویسٹ انڈیز کے 6 جبکہ دوسری اننگز میں 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دیکھائی۔ نعمان علی نے پاکستان کیلئے محض 18 ٹیسٹ میچز کھیلے ہیں جس میں انہوں نے 2.99 کی اکانومی سے 83 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ اس سے قبل اسپنر نعمان علی نے اکتوبر 2024 انگلینڈ کیخلاف بھی اسی میدان پر 10 وکٹیں حاصل کی تھیں، وہ 10 وکٹیں لینے والے دوسرے پاکستانی لیفٹ آرم بنے تھے۔ نعمان سے قبل یہ کارنامہ سابق کرکٹر اقبال قاسم نے 1980 میں سرانجام دیا تھا۔

پاکستان کے پہلے عالمی کراٹے چمپئن شاہزیب رندنے ایک اور تاریخی فتح حاصل کرلی

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان کے پہلے عالمی کراٹے چیمپئن شاہزیب رندنے ایک اور تاریخی فتح حاصل کرلی۔ شاہزیب رندنے میامی میں منعقدہ KC52 چیمپئن شپ سنسنی خیز مقابلے کے بعد جیت لی۔ شاہزیب رندنے اپنے سب سے مشکل حریف 3 بار کے عالمی چیمپئن ایڈگر اسکرائیور کو شکست دے کر ایک نئی تاریخ رقم کی۔ شاہزیب نے اپنی کامیابی کا کریڈٹ اپنے عوام اور بچوں کو دیتے ہوئے کہا کہ یہ جیت ان کے نام ہے۔ ان کے سوشل میڈیا اکاونٹ پر ایک پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ فتح نہ صرف شاہزیب رند کی محنت کا عکاس ہے بلکہ پاکستان کے لیے فخر کا لمحہ بھی ہے۔



چمپئنز ٹرافی، کیسا اسکواڈ منتخب کیا ہے، ہرجھجن بھڑک اٹھے

چہل، سنجو سیمسن اور سراج کو شامل نہ کرنے پر سلیکٹرز کو آڑے ہاتھوں لے لیا



ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) سابق بھارتی کرکٹر ہرجھجن سنگھ نے چیمپئنز ٹرافی کیلئے بھارتی اسکواڈ کے انتخاب پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق بھارتی کرکٹر نے چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ پر تنقید کرتے ہوئے یوزویندر چہل، سنجو سیمسن اور محمد سراج کو شامل نہ کرنے پر سلیکٹرز کو آڑے ہاتھوں لیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے واقعی سمجھ نہیں آتا ہے کہ سنجو سیمسن رنز بنانے باوجود ڈراپ کردیا جاتا ہے، مجھے معلوم ہے وہ 15 رکنی اسکواڈ کا حصہ ہوسکتا تھا اور 50 اوورز فارمیٹ میں انکی اوسط 55 سے 56 ہے لیکن وہ دیگر وکٹ کیپر بیٹرز جیسا نہیں ہے۔ ہرجھجن سنگھ نے چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ سے بھارتی ٹیم سے یوزویندر چہل کو ڈراپ کرنے کے فیصلے پر بھی تنقید کی، یوزویندر چہل دبئی کی پچز کیلئے بہترین انتخاب ہوسکتا تھا، مجھے نہیں معلوم کہ اس نے کیا غلط کیا ہے کہ ٹیم سے باہر ہے۔ واضح رہے کہ بھارتی ٹیم چیمپئنز ٹرافی کے گروپ اے میں پاکستان، نیوزی لینڈ اور بنگلادیش کے ساتھ شامل ہے، انکے تمام میچز دبئی میں کھیلے جائیں گے، پہلا میچ بھارت اور بنگلادیش کے درمیان 20 فروری کو کھیلا جائے گا۔

پیسنڈز کی ملاقات، آصف شعیب اختر کے گلے لگ گئے، ویڈیو وائرل

لاہور (میاں شہروز سے) اقومی ٹیم کے دو سابق فاسٹ بولنگ پیسنڈز کی امریکا میں ملاقات کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ امریکا میں ایک تقریب کے دوران راولپنڈی ایکسپریس شعیب اختر اور محمد آصف کی ملاقات ہوئی جس میں دونوں نے ایک دوسرے کو گلے لگایا تاہم اس دوران آصف کی طرف سے جذباتی مناظر دیکھنے کو ملے۔ دونوں بالرز کے درمیان ماضی میں رشتے کبھی سازگار نہیں رہے تھے لیکن شعیب اختر نے ہمیشہ محمد آصف کی گیند پر گرفت اور بالنگ کو سراہا ہے۔ سال 2007 ورلڈکپ سے قبل دونوں کرکٹرز کے درمیان ایک ناخوشگوار واقعہ رونما ہوا تھا جس میں راولپنڈی ایکسپریس شعیب اختر نے محمد آصف کو بیٹ مار دیا تھا جس کے بعد دونوں کو اسکواڈ سے باہر کرکے وطن واپس بھیج دیا گیا تھا۔ ماضی میں شعیب اختر اور محمد آصف کہہ چکے ہیں کہ دونوں کے درمیان ہاتھاپائی کی وجہ شاہد آفریدی بنے تھے، سابق کرکٹر نے اپنی سوانح عمری اور خود آل رائنڈر شاہد آفریدی نے کہا تھا کہ ڈریسنگ روم میں ہنسی مذاق میں محمد آصف میرا ساتھ دے رہے تھے جس پر شعیب ناراض ہوگئے اور واقعہ رونما ہوگیا۔ دوسری جانب دونوں فاسٹ بولر کی ملاقات کی ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد فینز کے چہرے کھل اٹھے اور انہیں دونوں کی پرانی جوڑی یاد آگئی جس نے پاکستان کو کئی تاریخی میچز جتوانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔



دوسرا ٹیسٹ، ویسٹ انڈیز کیخلاف جیت کیلئے پاکستان کو 178 رنز درکار

لاہور (میاں شہروز سے) سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کے 254 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاکستان کی 76 رنز پر 4 وکٹیں گر گئیں، دوسرے دن کا کھیل ختم ہوگیا، پاکستان کو جیت کیلئے مزید 178 رنز درکار ہیں۔ دوسرے روز کا کھیل ختم ہونے پر سعود شکیل 13 اور کاشف علی ایک رن کے ساتھ کریز پر تھے، پاکستان کو میچ جیتنے کیلئے 178 رنز اور ویسٹ انڈیز کو 6 وکٹیں درکار ہیں۔ پاکستان کی طرف سے دوسری اننگز کا آغاز بھی مایوس کن رہا، شان مسعود اور محمد ہریرہ 2، 2 رنز بنا کر آوٹ ہوگئے، بابر اعظم نے 31 رنز بنائے جبکہ کامران غلام 19 رنز بناسکے۔ ملتان میں کھیلے جارہے سیریز کے دوسرے ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم 244 رنز بنا کر آل آٹ ہوگئی تھی، کپتان کریگ براتھ نے 52 رنز کی اننگز کھیلی۔ دیگر کھلاڑیوں میں میکل لیوس 7، عامر جینگو 30، کیمیم ہوج 15، ایلک اتھاناز 6، جسٹن گریوز 10، کیون سنکلیئر 28، ٹیون املاچ 35 جبکہ گڈاکیش موتی اور جومل وارکین 18، 18 رنز بنا کر آٹ ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے نعمان علی اور ساجد خان نے 4، 4 جبکہ کاشف علی اور ابرار احمد نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ ٹیسٹ میچ کے پہلے روز کھیل کے اختتام تک دونوں ٹیمیں اپنی پہلی اننگز مکمل کرچکی تھیں، پاکستان نے اپنی پہلی اننگز میں انتہائی مایوس کن کھیل پیش کیا۔ کپتان شان مسعود 15، کامران غلام 16، محمد ہریرہ 9 اور بابر اعظم محض ایک رن بنا کر پویلین لوٹ گئے، پانچویں وکٹ پر سعود شکیل اور محمد رضوان نے 68 رنز کی پارٹنرشپ قائم کی۔ سعود 32 کے انفرادی اسکور پر وکٹ گنوا بیٹھے، محمد رضوان بھی 49 رنز بنا کر آوٹ ہوگئے۔ نعمان علی صفر، سلمان آغا 9، ابرار احمد 2 اور کاشف علی بھی صفر پر آوٹ ہوئے۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے جومل وارکین نے 4، گڈاکیش موتی نے 3 اور کیمار روچ نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ قبل ازیں ویسٹ انڈیز کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 163 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی تھی، پاکستانی اسپنرز نے محض ایک گھنٹے میں ویسٹ انڈیز کے 7 ابتدائی بلے بازوں کو پویلین روانہ کیا۔





رجب بٹ کو شیر کا بچہ رکھنے پر ایک سال کی سزا

لاہور: (شوبز رپورٹر) مشہور ٹک ٹاکر رجب بٹ کو جوڈیشل مجسٹریٹ نے شیر کا بچہ رکھنے کا الزام ثابت ہونے پر سزا سنا دی۔ عدالت نے رجب بٹ کو الزام ثابت ہونے پر 50 ہزار روپے جرمانہ اور کمیونٹی سروس کی سزا سنائی ہے۔ عدالت نے حکم دیا ہے کہ رجب بٹ ایک سال تک ہر ماہ جانوروں کے حقوق کے تحفظ پر وی لاگز بنا کر اپنے تمام سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اپ لوڈ کریں گے، ان وی لاگز میں جانوروں کے تحفظ اور حقوق سے متعلق گفتگو ہوگی۔ عدالت نے مزید کہا کہ رجب بٹ کے وی لاگز ہر ماہ کے پہلے ہفتہ میں پروبیشن آفیسر کی اجازت کے بعد سوشل میڈیا پر اپلوڈ کیے جائیں گے۔ عدالت نے محکمہ وائلڈ لائف کو بھی ہدایت کی کہ رجب بٹ کو جانوروں کے تحفظ کے بارے میں مواد فراہم کیا جائے۔ عدالت نے یہ حکم بھی دیا ہے کہ اگر پروبیشن آفیسر رجب بٹ کو ذاتی حیثیت میں طلب کرے تو وہ حاضری کے پابند ہوں گے اور فیصلے پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں رپورٹ عدالت میں پیش کی جائے گی۔ یاد رہے کہ گزشتہ ماہ وائلڈ لائف کی ٹیم نے پولیس کے ہمراہ چوہنگ کے قریب نجی ہاؤسنگ سوسائٹی سے ٹک ٹاکر رجب بٹ کو اپنی شادی پر دوست سے شیر کا بچہ تحفے میں لینے پر گرفتار کیا تھا۔



بنگلہ دیشی اداکارہ پوری مونی کے وارنٹ گرفتاری جاری

ڈھاکہ (شوبز ڈیسک) ڈھاکہ کی عدالت نے بنگلہ دیشی سٹار پوری مونی کے خلاف مبینہ حملہ، توڑ پھوڑ اور دھمکیوں کے الزام میں وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے۔ یہ وارنٹ 25 جنوری 2025 کو جاری کیا گیا تھا، جس میں حملہ، توڑ پھوڑ، قتل کی کوشش اور دھمکیاں شامل تھیں، پوری مونی کے ساتھ اس کے ملبوسات کے ڈیزائنر جنید کریم جمی کو بھی گرفتاری کے وارنٹ کا سامنا ہے۔ ڈھاکہ جوڈیشل مجسٹریٹ کورٹ 1 جس کی صدارت محمد زنید نے کی نے پوری مونی کی عدالت میں عدم پیشی کے لئے وقت مانگنے کی درخواست کو مسترد کردیا، ان کی غیر موجودگی میں الزامات عائد کئے گئے، عدالت نے وارنٹ جاری کرنے کا اشارہ کیا۔ یہ کیس 9 جون 2021ء کو ساور کے ڈھاکہ بوٹ کلب میں پیش آنے والے ایک واقعے سے جڑا ہے، ناصر کی شکایت کے مطابق پوری مونی اور اس کے ساتھیوں نے رات گئے کلب کا دورہ کیا، دونوں نے نشہ کیا اور مفت میں شراب لینے کا مطالبہ بھی کیا۔ جب ناصر نے انکار کیا تو پوری نے مبینہ طور پر اس پر شیشہ اور فون پھینکنے سے پہلے اسے گالی گلوچ کی جس سے وہ زخمی ہوگیا، وہ اور اس کے ساتھیوں نے مبینہ طور پر جانے سے پہلے اسے جان سے مارنے کی دھمکی دی تھی۔ ناصر نے 6 جولائی 2022ء کو باضابطہ طور پر مقدمہ درج کرایا تاہم پوری نے پہلے ناصر اور دیگر دو افراد پر اسی واقعہ کے دوران اس کے ساتھ زیادتی اور قتل کرنے کی کوشش کا الزام لگایا تھا، اس نے 14 جون 2021ء کو ساور پولیس سٹیشن میں اپنی شکایت درج کرائی۔ یہ مقدمہ اس وقت ڈھاکہ کے خواتین اور بچوں کے جبر کی روک تھام کے ٹریبونل 9 میں زیر التوا ہے، اپنی قانونی پریشانیوں کی پیچیدگی میں اضافہ کرتے ہوئے پوری مونی اور دو دیگر کو بھی نارکوٹکس کنٹرول ایکٹ کے تحت الزامات کا سامنا ہے، یہ مقدمہ ڈھاکہ کی خصوصی جج کورٹ 10 میں زیر التوا ہے۔

شاہ رخ خان کی گھڑی کی قیمت 2 کروڑ 48 لاکھ روپے



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان کی گھڑی کی قیمت جان کر حیران رہ جائیں گے۔ بھارتی شہر ممبئی میں انٹرنیشنل انڈین فلم اکیڈمی ایوارڈز (آئی آئی ایف اے) کی پریس کانفرنس ہوئی جس میں شاہ رخ خان سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کی۔ اس ایونٹ میں شاہ رخ خان سب کی توجہ کا مرکز بنے رہے اور اس دوران ان کی کلائی پر موجود گھڑی نے سب کی توجہ سمیٹ لی۔ کنگ خان نے پریس کانفرنس میں جو معمولی نظر آنے والی گھڑی پہن رکھی تھی اس کی قیمت جان کر حیران رہ جائیں گے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہ رخ خان نے سوئٹزرلینڈ کے سب سے مہنگے برانڈ آڈیمارس کی گھڑی پہن رکھی تھی جس کی مالیت ہزاروں نہیں بلکہ پاکستانی روپوں میں کروڑوں روپے ہے۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ شاہ رخ خان نے جو گھڑی پہن رکھی تھی اس کی مالیت 76 لاکھ 84 ہزار 825 بھارتی روپے جو کہ پاکستانی روپوں میں 2 کروڑ 48 لاکھ سے زائد بنتی ہے۔ اس کے علاوہ بھارت کیلئے شپمنٹ چارجز 13 ہزار بھارتی روپوں سے زائد ہیں۔ رپورٹس کے مطابق یہ گھڑی انتہائی قیمتی ہے 18 قیراط سونے سے بنائی گئی ہے اور دنیا بھر میں 250 ایسی گھڑیاں ہیں جن میں سے ایک شاہ رخ خان کے پاس ہے۔



پارک سٹی یوٹاہ-26 جنوری ایلیسن بری اور ڈیو فرانکوسنڈینس 2025 کے دوران "ٹوگیدر" پریمیئر میں شرکت کررہے ہیں 26 جنوری 2025 کو ایکلس سینٹر تھیٹر میں فلم فیسٹیول پارک سٹی

چاہت فتح علی خان کے ساتھ وائرل ویڈیو: متھیر اکا سخت ردعمل سامنے آگیا

لاہور (شوبز رپورٹر) معروف ماڈل اور اداکارہ متھیر انے بغیر اجازت وڈیو بنانے اور اسے شیئر کرنے پر سوشل میڈیا اسٹار چاہت فتح علی خان پر سخت تنقید کی ہے۔ متھیر اکا کہنا ہے کہ ان کی بے باکی کو غلط انداز میں لینا یا ان کی ذاتی حدوں کو پار کرنا ناقابل قبول ہے۔ متھیر انے وضاحت کی کہ یہ وائرل وڈیو ان کے شو کے کیمروں سے نہیں بلکہ چاہت فتح علی خان کی جانب سے عجیب اینگل سے بنائی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ مہمانوں کو ہمیشہ عزت دیتی ہیں لیکن چاہت نے ان کے اعتماد کو ٹھیس پہنچائی۔ انہوں نے کہا، بولڈ ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ کوئی بھی مجھے گلے لگائے یا پشت پر ہاتھ رکھے۔ یہ سب حد سے تجاوز ہے، اور ایک باشعور انسان ایسی حرکت نہیں کرے گا۔ اداکارہ نے بتایا کہ چاہت فتح علی خان نے وڈیو بنانے کی یقین دہانی کرائی تھی لیکن ابھی تک نہ وڈیو ہٹائی گئی ہے اور نہ معافی مانگی گئی۔



پریانکا چوپڑا کا ایس ایس راجامولی کی نئی فلم میں شامل ہونے کی تصدیق

ممبئی: (شوبز ڈیسک) معروف فلم ساز ایس ایس راجامولی نے اپنی نئی فلم کی تیاری شروع کردی جس میں پہلی بار سپر سٹار مہیش بابو اور بالی ووڈ اداکارہ پریانکا چوپڑا ایک ساتھ نظر آئیں گے۔ فلم کے آغاز کے ساتھ ہی راجامولی نے اپنے سوشل میڈیا پر ایک دلچسپ ویڈیو پوسٹ کی جس نے مداحوں کے درمیان زبردست تجسس پیدا کردیا ہے۔ ایس ایس راجامولی نے ایک مزاحیہ ویڈیو پوسٹ کی جس میں وہ اشارہ دیتے ہیں کہ انہوں نے مہیش بابو کو "قید" کرلیا ہے، ویڈیو میں مہیش بابو کو ایک شیر کے طور پر دکھایا گیا ہے جو فلم "دی لائن کنگ" میں ان کے موفاسا کے ڈبنگ کردار سے متاثر ہے۔ راجامولی نے شیر کو پنجرے میں دکھایا اور کہا کہ اب مہیش بابو مکمل طور پر کے لیے وقف ہیں۔ ویڈیو میں پاسپورٹ دکھانے کا مطلب یہ ہے کہ فلم کی شوٹنگ بین الاقوامی مقامات، خاص طور پر افریقہ میں ہوگی۔ پریانکا چوپڑا نے راجامولی کی پوسٹ پر لکھ کر مداحوں کی قیاس آرائیوں کو ختم کردیا۔ انہوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے چند ایموجیز بھی پوسٹ کیے، مداحوں کا ماننا ہے کہ یہ ان کی فلم میں اہمکردار کی تصدیق ہے۔ یہ ایک ایکشن ایڈونچر فلم ہے جسے وجیندر پرساد نے لکھا ہے، فلم کی کہانی بھارتی اساطیر سے متاثر ہے لیکن اسے جدید دور میں پیش کیا جائے گا۔ فلم میں کئی مشہور اداکار اور ممکنہ طور پر بین الاقوامی ستارے شامل ہوں گے، تاہم باقی تفصیلات کو راز میں رکھا گیا ہے،



روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد کی زیر صدارت انسداد ڈینگی مہم کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

ضلع بھر میں ڈینگی کے خاتمے کے لیے کیے جانے والے اقدامات اور پیش رفت پر تفصیلی گفتگو ہوئی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد کی زیر صدارت انسداد ڈینگی مہم کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں ڈینگی کے خاتمے کے لیے کیے جانے والے اقدامات اور پیش رفت پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سید اظہر نقوی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد طاہر کے علاوہ متعلقہ محکموں کے افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد نے تمام محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ ڈینگی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ ہاٹ سپاٹس کی نشاندہی اور سرویلنس کے عمل کو مزید بہتر بنایا جائے اور اس حوالے سے ٹیمیں متحرک رہیں۔ اجلاس میں صحت و دیگر متعلقہ محکموں کی طرف سے جاری اقدامات کی رپورٹ پیش کی جس کے مطابق گزشتہ ہفتے کے دوران سب سے زیادہ کیس مقامات پر پانی کے ذخائر اور کھلے مقامات پر مچھر کش اسپرے کیا گیا، جبکہ عوامی آگاہی مہم کے تحت گھروں اور تعلیمی اداروں میں ڈینگی سے بچاؤ کے حوالے سے سیشنز منعقد کیے گئے۔ اے ڈی سی جی نیاز احمد نے ہدایت کی کہ صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ تعمیراتی مقامات، گلیوں اور نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے کے مسئلے کو فوری طور پر حل کیا جائے۔

جہلم شہر و جی ٹی روڈ کے ہوٹلوں، سوئیس شاپس، بیکریوں پر صفائی کے ناقص انتظامات

مضر صحت اشیاء کی فروخت، استعمال سے شہری مہلک بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر و جی ٹی روڈ کے ہوٹلوں، سوئیس شاپس، بیکریوں پر صفائی کے ناقص انتظامات، مضر صحت اشیاء کی فروخت، استعمال سے شہری مہلک بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ ضلعی انتظامیہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی مبینہ غفلت اور بدعنوانی کے سبب شہر اور گردونواح کے ہوٹلوں، میرج ہالز، سوئیس شاپس، بیکریوں، ملک شاپس، برگر پوائنٹ شوارما پوائنٹس، جنرل سٹورز پر چون فروشوں میں غیر معیاری اور مضر صحت اشیا کی فروخت دیدہ دلیری کے ساتھ جاری ہے انتظامیہ کی جانب سے معمولی جرمانے کے جانے کی وجہ سے بہتری نہیں آسکی ذرائع کے مطابق بعض علاقوں میں فوڈ اتھارٹی کے زمہ داران کی عدم دلچسپی کی وجہ سے جنگل کا قانون نافذ ہے ہوٹلوں، میرج ہالز، سوئیس شاپس، بیکریوں، برگر شوارما شاپس میں انتہائی مضر صحت کھانے' باسی غیر معیاری مٹھائیاں ٹیمیکلز سے تیار کردہ دودھ دہی فوڈ کلرز زہر آلود کپڑے رنگنے والے رنگوں کے استعمال اور نیم مردہ جانوروں کا گوشت اور مردہ مرغیوں مچھلی کا گوشت شہریوں کو کھلایا جارہا ہے۔ جس سے شہریوں کی صحت و زندگی کو موذی و مہلک امراض جان لیوا بیماریوں میں مبتلا ہونیکا تشویشناک سلسلہ جاری ہے۔ جہلم کے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ مضر صحت اشیا فروخت کرنے والے مالکان کے خلاف فوجداری مقدمات درج کروائے جائیں

رورل ہیلتھ سنٹرز میں تمام تر طبی سہولیات فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے



جہلم (بیورو چیف) رورل ہیلتھ سنٹرز میں تمام تر طبی سہولیات فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے ضلع بھر کے رورل ہیلتھ سنٹرز اور بنیادی مراکز صحت کو اپ گریڈ کرنے کے لیے کروڑوں روپے خرچ کئے جارہے ہیں ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے یہ بات رورل ہیلتھ سنٹر دینہ کا دورہ کرتے ہوئے کہی ، اس موقع اسسٹنٹ کمشنر دینہ سعدیہ ڈوگر اور محکمہ صحت کے افسران نے ڈی سی جہلم کو رورل ہیلتھ سنٹر میں تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش کے کام کا دورہ کروایا اور بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ رورل ہیلتھ سنٹر میں بلڈنگ، مشینری اور دیگر سہولیات کو دور جدید کے تقاضوں کے مطابق بنایا جارہا ہے جس سے شہریوں کو بہترین طبی سہولیات میسر آئیں گی۔ ڈپٹی کمشنر جہلم نے ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کے دوران بھی طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی تعطل نہیں آنا چاہیے۔

رحمتوں اور برکتوں والی رات شب معراج ملک بھر کی طرح جہلم ضلع بھر میں بھی انتہائی مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) رحمتوں اور برکتوں والی رات شب معراج ملک بھر کی طرح جہلم ضلع بھر میں بھی انتہائی مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔ شب معراج کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد کو انتہائی خوبصورتی سے سجایا گیا، مساجد میں چراغاں، خصوصی محافل اور عبادات کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں علمائے کرام اور مقررین نے واقعہ معراج اور اس کی فضیلت پر روشنی ڈالی محفل معراج النبی میں نعت خواہاں حضور اکرم کی شان مبارک میں بدیہ عقیدت و نعت پیش کیا۔ یاد رہے کہ 27 رجب المرجب کی شب نبی آخر الزمان حضرت محمد کو معراج کا شرف عطا کیا گیا، جب حضرت جبرائیل براق لے کر سرکار دو عالم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی اے اللہ کے رسول، آپ کا رب آپ سے ملاقات چاہتا ہے۔ اس مقدس سفر کیلئے حضور اکرم براق پر سوار ہوئے، آپ مکہ سے مسجد اقصیٰ گئے اور وہاں تمام انبیائے کرام کی نماز کی امامت فرمائی، پھر آپ کو آسمانوں میں اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرانے کیلئے لے جایا گیا، وہاں رسول اکرم کو جنت اور دوزخ بھی دکھائی گئی، اسی سفر میں نماز بھی فرض ہوئی، امت مسلمہ کیلئے معراج النبی کا سب سے بڑا تحفہ نماز ہے،

مریضوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

مریضوں کیلئے فراہم کردہ طبی سہولتوں اور انتظامی معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا ہے کہ مریضوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ انہوں نے یہ بات گورنمنٹ حاجی عبدالقیوم ڈی ایچ کیو ہسپتال کے دورے کے دوران کہی جہاں انہوں نے مریضوں کیلئے فراہم کردہ طبی سہولتوں اور انتظامی معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد اور ایم ایس ڈاکٹر محمد سلیم گوندل بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات، بشمول ایمرجنسی وارڈ، او پی ڈی اور فارمیسی کا معائنہ کیا اور وہاں موجود مریضوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل دریافت کیے۔ انہوں نے طبی عملے کو ہدایت کی کہ وہ مریضوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتیں اور ہر ممکن سہولت فراہم کریں۔ انہوں نے ہسپتال میں صفائی کے نظام اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا اور عملے کو مزید بہتری کیلئے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت بھی کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ضلعی حکومت عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر مہیا کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور تمام متعلقہ ادارے مربوط حکمت عملی کے تحت کام کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے انتظامی افسران پر زور دیا کہ وہ مریضوں کے مسائل فوری طور پر حل کرنے اور انہیں بہتر ماحول فراہم کرنے کیلئے اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں۔

پاکستان کا تعلیمی نظام نہایت کمزور اور بوسیدہ ہو چکا ہے



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) پاکستان کا تعلیمی نظام نہایت کمزور اور بوسیدہ ہو چکا ہے اسے از سر نو مرتب کرنے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی اشد ضرورت ہے خصوصا اس وقت تمام سرکاری یونیورسٹیاں بحران کا شکار ہیں ان حالات میں دینی مدارس کی حسن کارکردگی تعلیمی معیار اور بہترین نظم ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ہے پاکستان میں بڑے دینی جامعات میں شرعی علوم کی تدریس کے ساتھ بعض اہم موضوعات پر تخصصات ہو رہے ہیں اور حالات حاضرہ کے تقاضوں کے مطابق تحقیقی علمی مقالہ جات لکھے جارہے ہیں جس سے معاشرہ رہنمائی حاصل کر رہا ہے ان باتوں کا اظہار ناظم اعلیٰ وفاق المدارس السلفیہ پروفیسر محمد یاسین ظفر نے درجہ تخصص کے فضلا کے اعزاز میں منعقدہ تقریب تقسیم اسناد و انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ مستقبل میں درجہ تخصص میں مزید نئے مضامین شامل کئے جائیں گے اور اسے مزید بہتر اور معیاری بنایا جائے گا اس موقع پر مہمان خصوصی چیئرمین مکتبہ دارالسلام مولانا عبدالمالک مجاہد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ سلفیہ پاکستان کے نامور جامعات میں سے ایک ہے جہاں کے فضلا دنیا بھر میں دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں یہ بات بہت حوصلہ افزا ہے کہ جامعہ سلفیہ میں درجہ تخصص موجود ہے جہاں طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے ساتھ بہترین فکری نظریاتی اور علمی رہنمائی دی جاتی ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ڈویژن کی تمام 19 تحصیلوں میں صفائی کا نظام آؤٹ سورس کر دیا گیا



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو / نفراقبال) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ڈویژن کی تمام 19 تحصیلوں میں صفائی کا نظام آؤٹ سورس کر دیا گیا ہے' حکومت پنجاب کی منظوری سے 1 ارب 9 کروڑ روپے سے زائد کی لاگت سے نئی سبزی منڈی' گوالہ کالونی اور بکرا منڈی قائم کی جائے گی۔ 1300 ملین کی لاگت سے گوجرانوالہ ایکسپریس وے کو جی ٹی روڈ این 5 سے ملانے کیلئے فلائی اوور کی تعمیر کا منصوبہ بھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مس سروش اعجاز کی قیادت میں نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کے زیر تربیت 42 ویں مڈ کیریئر کورس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد' ایڈیشنل کمشنر محمد شفیق نے بھی شرکاء کو بریفنگ دی۔

جہلم سبزی منڈی میں تجاوزات کا خاتمہ سڑکیں کشادہ بنا دیں گئیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سبزی منڈی میں تجاوزات کا خاتمہ سڑکیں کشادہ بنا دیں گئیں بیوپاری، صارفین کو ہر طرح کی سہولیات دینے کیلئے دن رات کوشاں ہیں، سبزی منڈی میں۔صفائی ستھرائی کے نظام کو بھی بہتر بنایا جارہا ہے، تاکہ صارفین کو کسی بھی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے، تفصیلات کے مطابق جہلم سبزی منڈی میں قائم تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا ہے تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائیاں کی جائیں گی ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر جہلم سید میثم عباس نے صحافیوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ عوام کو ہر طرح کی سہولیات فراہم کرنا ہمارا اولین فریضہ ہے صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔ تجاوزات کا خاتمہ کیا جارہا ہے اور آئندہ تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج کروائے جائیں گے شہریوں کو سکون میں دیکھ کر ہمیں سکون محسوس ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی کے ساتھ ساتھ تجاوزات کا خاتمہ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

مادہ جانوروں کی غیر قانونی سلاٹرنگ کی روک تھام پر عملدرآمد نہ ہوسکا

جہلم (بیورو رپورٹ) محکمہ لائیوسٹاک حکومت پنجاب کی جانب سے ضلع بھر پنجاب بھر میں مفید اور قابل استعمال مادہ جانوروں کی غیر قانونی سلاٹرنگ کی روک تھام پر عملدرآمد نہ ہوسکا لائیوسٹاک کے زمہ داران و عملے کی مبینہ عدم دلچسپی۔ اس حوالے سے ضلع جہلم کی چاروں تحصیلوں کے لائیوسٹاک افسران کی عدم دلچسپی کیوجہ سے تمام سلاٹر ہاؤس اور میٹ شاپس کی انسپکشن کا عمل شروع نہیں ہوسکا لائیوسٹاک افسران کی مبینہ لاپرواہی کی وجہ سے مفید اور قابل استعمال مادہ جانوروں کی غیر قانونی سلاٹرنگ کی جارہی ہے جسکی روک تھام کے لئے کسی قسم کے اقدامات نہیں کئے جارہے

موٹروے پولیس ملک کا مثالی ادارہ ہے: چوہدری عمران

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) معروف سینئر کالم نگار چوہدری عمران علی چیمہ نے کہا ہے کہ موٹروے پولیس اپنی ایمانداری خوش اخلاقی اور بروقت زریں اصولوں کی وجہ سے نہ صرف ملک کا مثالی ادارہ ہے بلکہ پوری دنیا میں شہرت اور پہچان رکھتی ہے۔ پاکستان میں واحد پولیس ہے جو کہ کسی دباؤ کو خاطر لائے بغیر اپنے فرائض کی انجام دہی میں مصروف ہے۔ ٹریفک قوانین اور قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر وزرا بیورو کریٹس ٹیکنوکریٹس کے چالان کیئے گئے ہیں جبکہ شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی میں فعال کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ ڈرائیوروں کی تربیت اور آگہی مہم کے لئے موٹر وے پولیس کو شاں ہے اور ان کی یہ خوبی اور روایت برقرار ہے۔ اس حوالے سے انہوں نے آئی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ کی خصوصی ہدایت پر ڈرائیورز کیلئے فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا۔ جس میں آنکھوں کا مفت معائنہ اور کمزور نظر والے ڈرائیورز کو موقع پر ہی چشمے اور ادویات فراہم کی گئیں۔ موٹروے پولیس کی جانب سے ایک روزہ مفت آئی کیمپ کے انعقاد کا مقصد موٹروے استعمال کرنیوالے ڈرائیورز بالخصوص مسافر بردار اور مال بردار گاڑیوں کے ڈرائیورز کی آنکھوں کا معائنہ کرنا تھا۔ کیمپ میں الشفاء آئی ٹرسٹ ہسپتال کے تعاون سے آنکھوں کا مفت معائنہ کیا گیا۔

فلسطین کے مسئلہ کا حل ایک آزاد خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام ہے، چوہدری ندیم نمبردار

اسرائیل حماس کے درمیان جنگ بندی سے امن کے قیام کی ایک امید کی کرن پیدا ہوئی ہے



سمندری (تحصیل رپورٹر) فلسطین کے مسئلہ کا حل ایک آزاد خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام ہے، اسرائیل اور حماس کے درمیان فلسطین غزہ میں جنگ بندی سے امن کے قیام کی ایک امید کی کرن پیدا ہوئی ہے، اسلامی ممالک اسرائیل کو لبنان میں بھی مکمل جنگ بندی کیلئے زور دیں۔ ان خیالات کا اظہار معروف سماجی شخصیت سابق نائب ناظم چوہدری ندیم جٹ نمبردار نے اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی دور کرنے اور جنگ بندی میں اہم کردار ادا کرنے والے تمام ممالک و افراد خصوصی سعودی عرب' قطر و مصر کی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے صلح اور امن و امان قائم کرنے میں اپنا اہم اور موثر کردار ادا کیا۔ مزید کہا کہ سعودی عرب کا یہ کردار امت مسلمہ کے اتحاد اور خطے میں امن و استحکام کے قیام کی بہترین اور نمایاں مثال ہے۔

مرکزی علماء کونسل سمندری کے زیر اہتمام سیدنا امیر معاویہؓ سیمینار کا انعقاد

حضرت عمرؓ نے حضرت سیدنا امیر معاویہؓ کو عرب کا کسریٰ قرار دیا، مولانا عامر اشرف



سمندری (تحصیل رپورٹر) مرکزی علماء کونسل سمندری کے زیر اہتمام سیدنا امیر معاویہؓ سیمینار کا انعقاد۔ سیدنا امیر معاویہؓ امام تدبر و سیاست، خیر خواہ امت مدبر مفکر عظیم صحابی رسول ﷺ ہیں۔ 22 رجب سیدنا امیر معاویہؓ کی یوم وفات ہے۔ سیدنا امیر معاویہؓ بلاشک وشبہ صحابی رسول ﷺ، کاتب وحی، راز دار نبی اور ام المومنین حضرت سیدہ ام حبیبہؓ کے بھائی ہیں۔ اس طرح سیدنا امیر معاویہؓ تمام مومنین کے ماموں ہیں۔ سیدنا امیر معاویہؓ بڑے فصیح و بلیغ، بردبار اور باوقار صحابی، عظیم مجتہد اور ہادی و مہدی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی علماء کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد عامر اشرف، سیکرٹری جنرل سمندری، مولانا معاویہ حسن، مولانا عمران اشرف، مفتی خلیل احمد، مولانا ابرایم ضیاء، قاری احتشام الحق، مولانا راشد مدنی، مولانا عمیر اسلم قادری زبیر لطیف، مولانا عمر فاروق، مولانا عثمان ضیاء، قاری انور شاہ و دیگر نے فاتح عرب وعجم کاتب وحی، خال المومنین، امام تدبر و سیاست، امیر قبرس و شام بقیۃ راشد، امیر المومنین حضرت سیدنا امیر معاویہؓ کے یوم وفات 22 رجب کے سلسلہ میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

اسسٹنٹ کمشنر شرقپور کی جانب سے شہر میں سستا ماڈل بازار بنانے کے انتظامات مکمل

شرقپور شریف (نامہ نگار محمد خضر حیات راجپوت) اسسٹنٹ کمشنر شرقپور کی جانب سے شہر میں سستا ماڈل بازار بنانے کے انتظامات مکمل۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر شرقپور میڈم انعم اکرم نے سی ای او ٹاؤن کمیٹی شرقپور اور ماڈل بازار کے نمائندے، کنٹریکٹر، اور ریونیو فیلڈ سٹاف کے ہمراہ ماڈل بازار کے لیے تجویز کردہ سرکاری وغیر سرکاری مقامات کا دورہ کیا اور شہر میں حکومت کی طرف سے سستا ماڈل بازار کے قیام کے لئے اقدامات کی ہدایات جاری کی۔

ائیر سیال نے کم عرصہ میں بڑے سنگ میل عبور کئے: عامر حمید بھٹی



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کی اپنی ائیر لائن ائیر سیال نے انتہائی کم عرصہ میں بڑے سنگ میل کامیابی سے عبور کر کے دنیا کو بتا دیا کہ ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ قابل و باصلاحیت افراد کا شہر ہے۔ چیئرمین ائیر سیال، مینجمنٹ و ڈائریکٹرز کی مجموعی عملی کاوشوں کارکردگی کی بدولت آج ائیر سیال اس مقام پر ہے کہ سب ائیر سیال کی بہترین سروس پر فخر کرتے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار ڈائریکٹر ائیر سیال عامر حمید بھٹی سابق نائب صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ نے سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں معروف ایکسپورٹر کا کہنا تھا کہ ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ کے پلیٹ فارم سے سیالکوٹ کی کوالٹی پراڈکٹس کی دنیا بھر کی منڈیوں میں مانگ ہے اور وہ سرجیکل انسٹرومنٹس ہوں یا کھیلوں کا سامان، پیوٹرس گڈز ہوں یا پھر لیدر گارمنٹس و میوزیکل انسٹرومنٹس دنیا بھر کے ممالک میں میڈان پاکستان مصنوعات کی مانگ ہے جو شہر اقبال سیالکوٹ کیلئے فخر کی بات ہے۔

نواحی گاؤں چکرالی میں 17 سالہ لڑکی کے ساتھ مبینہ زیادتی

والدکی مدعیت میں دوافراد کے خلاف مقدمہ درج: 1 ملزم گرفتار

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سرحدی گاؤں چکرالی میں 17 سالہ دوشیزہ کے ساتھ مبینہ زیادتی والد کی مدعیت میں دو ملزمان کے خلاف مقدمہ درج ایک ملزم گرفتار والد نے بتایا کہ (ز) رفع حاجت کیلئے باتھ روم گئی گھر کی چار دیواری چھوٹی تھی ملزمان داخل ہوکر بیٹی کے منہ پر ہاتھ رکھ لیا اور ڈرا دھمکا کر قبرستان لے گئے جہاں زنا بالجبر کیا نارنگ منڈی پولیس نے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے 1 ملزم کو گرفتار کرلیا ہے دوسرے کی تلاش جاری ہے ایس ایچ او تھانہ نارنگ کے مطابق تفتیش کا آغاز کر دیا ہے میڈیکل رپورٹ کے بعد حتمی بات کہی جاسکتی ہے تمام قانونی تقاضے پورے کریں گے۔

فروری یوم یکجہتی کشمیر پورے اہتمام سے منایا جائے گا ضلعی انتظامیہ جہلم نے پلان ترتیب دے دیا

جہلم (بیورو چیف) فروری یوم یکجہتی کشمیر پورے اہتمام سے منایا جائے گا ضلعی انتظامیہ جہلم نے پلان ترتیب دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح ضلع جہلم میں بھی پانچ فروری کو ضلع جہلم میں یوم یکجہتی کشمیر بھرپور طریقے سے منایا جائے گا اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کی ہدایت پر ایک خصوصی پلان ترتیب دے دیا گیا ہے 5 فروری کو صبح دس بجے ضلع بھر کے سرکاری و سماجی اداروں کے افسران و ملازمین، رضاکاران ڈی سی دفتر جمع ہوں گے جہاں سب سے پہلے پاکستان اور کشمیر کے قومی ترانے ہوں گے

پولیس تھانہ نورشاہ خواتین کی عزت کی رکھوالی اور انہیں تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام

گیمبر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) پولیس تھانہ نورشاہ خواتین کی عزت کی رکھوالی اور انہیں تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام ایک اور ہوا کی بیٹی درندہ صفت انسانوں کی ہوس کا نشانہ بن گئی تین افراد نے مل کر شادی شدہ خاتون کو گینگ ریپ کا نشانہ بنا ڈالا میں متاثرہ خاتون اور اس کے والد کا وزیر اعلی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نورشاہ کے علاقے میں خواتین کے ساتھ جنسی زیادتی ہونا معمول بن گیا جس کی وجہ سے خواتین غیر محفوظ پولیس بے بس تھانہ نورشاہ کے نواحی گاؤں 70 فورآر حیم حسن کی بیٹی رانی بی بی کی شادی محمد ساجد سے ہوئی جو کہ اپنے بچوں کے ہمراہ والدین کو ملنے میکے آئی ہوئی تھی کہ گزشتہ رات رفع حاجت کے لیے اٹھی تو تین افراد گھر میں گھس کر عبدالعزیز ویلی اور دو نامعلوم ملزم آگئے اور اسے اٹھا کے زور پر باری باری ہوس کا نشانہ بنا کر فرار ہوگئے۔ پولیس نورشاہ نے خاتون کے باپ فہیم حسن کی مدعیت میں مقدمہ 375 اے ت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی اور ایک ملزم کو گرفتار کرلیا جبکہ دو ملزم ابھی تک گرفتار نہیں ہو سکے متاثرہ خاتون اور اس کے والد کا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید اور ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ درندہ صفت انسانوں کو گرفتار کر کے قرار واقعہ سزا دلوائی جائے

ڈسکہ کے شہریوں کا پاک فوج سے والہانہ محبت کا اظہار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ کے شہریوں کا پاک فوج سے والہانہ محبت کا اظہار شہریوں کی طرف سے شہر بھر میں شاہرات پر پاک فوج کے حق میں بینرز آویزاں پاک کر دیے فخے جن پر پاک فوج کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، ریاست ہے تو سیاست ہے، پاکستان زندہ باد پاک فوج پائندہ باد، ریاست کے محافظ پاک فوج کے جوان، پاک فوج کی پالیسی صرف اور صرف پاکستان جیسے نعرے درج ہیں

سوشل ورکر دولہے کا اپنے ولیمے پر احسن اقدام مزدوروں ریہڑی بانوں رکشہ ڈرائیوں کیلئے بہترین کھانے کا اہتمام کیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سوشل ورکر دولہے کا اپنے ولیمے پر احسن اقدام مزدوروں ریہڑی بانوں رکشہ ڈرائیوں کیلئے بہترین کھانے کا اہتمام کیا۔ الفجر ویلفیئر فاؤنڈیشن کے ورکر عامر مغل نے اپنی شادی کی خوشیوں میں اپنے مزدور بھائیوں کو بھی شامل کیا اور ان کے لیے بریانی اور مٹھائی کا انتظام کیا کیپٹن عرفان شہید چوک میں دسترخوان سجا کر دولہا عامر مغل نے اپنے ہاتھوں سے کھانا تقسیم کیا عمدہ بریانی اور مٹھائی سے مزدوروں کی تواضع کی گئی کھانا کھانے والوں نے دولہا عامر کو زندگی میں بیشمار خوشیوں اور کامیابیوں کی دعائیں دیں

ون ڈش کی خلاف وزی کرنے پر میرج ہال مینجر کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ون ڈش کی خلاف وزی کرنے پر میرج ہال مینجر کیخلاف مقدمہ درج سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی ڈسکہ نے اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ کے احکامات پر تھانہ موتزہ کے علاقہ بھلووالی میں گل میرج ہال میں چھاپہ مارا تو میرج ہال کا مینجر صفدر گل مہمانوں کی ون ڈش کی خلاف وزی کرتے ہوئے تواضع کر رہا تھا جس کو سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا پولیس نے میرج ہال کے مینجر کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے

جہلم پنجاب فوڈ اتھارٹی کے عملے نے ناقص مضر صحت دودھ والی گاڑی پکڑ لی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنجاب فوڈ اتھارٹی کے عملے نے ناقص مضر صحت دودھ والی گاڑی پکڑ لی۔۔ 17 من سے زائد ناقص پانی ملا دودھ برامد کر کے تلف کر دیا تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کے زمہ داران نے گزشتہ روز ناقص مضر صحت دودھ جو کہ ہیڈ قادر اباد سے دینہ فروخت کرنے کے لیے لایا گیا تھا فوڈ اتھارٹی کے زمہ داران نے جی ٹی روڈ پر ناکہ لگا کر کارروائی کرتے ہوئے ناقص دودھ تلف کر کے مالک کو 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا

اوکاڑہ میں غیر معیاری خوراک کی روک تھام کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں غیر معیاری خوراک کی روک تھام کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری، ڈائریکٹر آپریشنز زبیر احمد اعجلنز کی سربراہی میں معروف ریسٹورنٹ، سویٹس کنفیکشنری یونٹس کا معائنہ، 500 کلو ایکسپائرڈ ٹافیاں، 10 کلو ممنوعہ اجزاء تلف، 40 کلو جعلی پیکنگ میٹریل ضبط، 4 فوڈ یونٹس کو 2 لاکھ 35 ہزار روپے کے جرمانے عائد کر دیے گئے۔ کارروائیاں مین جی ٹی روڈ کرمانوالا، دیپالپور روڈ بائی پاس اور ایوب پارک میں کی گئیں۔ زبیر المیعاد ٹافیوں کا سٹاک برآمد ہونے پر سویٹس اینڈ کنفیکشنری یونٹ کو ایک لاکھ روپے جرمانہ عائد۔ جعلی پیکنگ میٹریل کا استعمال کر کے غیر معیاری ٹافیوں کی ری پیکنگ کی جارہی تھی۔ کچن ایریا سے ناقص اجزاء برآمد ہونے پر معروف ریسٹورنٹ کو 50 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ خوراک کے سٹوریج ایریا میں حشرات کی بھرمار اور زنگ آلود مشینری کے استعمال پر بریڈ یونٹ کو 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ اس موقع پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا کہنا تھا کہ ناقص خوراک کی دوبارہ پیکنگ اور فروخت کرنا حفظان صحت کے قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ فوڈ اتھارٹی قوانین کو نظر انداز کرنے والے عناصر سے آہنے ہاتھوں نمٹیں گے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر راشد ہدایت کی اوکاڑہ چیمبر آف کامرس کے دفتر آمد

چیمبر آف کامرس کے صدر چوہدری شہزاد حسن ودیگر عہدیداران سے ملاقات

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر راشد ہدایت کی اوکاڑہ چیمبر آف کامرس کے دفتر آمد، چیمبر آف کامرس کے صدر چوہدری شہزاد حسن ودیگر عہدیداران سے ملاقات، چیمبر آف کامرس کے عہدیداران نے ڈی پی او کو اوکاڑہ کی تاجر برادری کے مسائل سے آگاہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ راشد ہدایت کی اوکاڑہ چیمبر آف کامرس کے دفتر آمد، چیمبر آف کامرس کے صدر چوہدری شہزاد حسن، نائب صدر شیخ محمد حنیف سے ملاقات، چیمبر کے عہدیداران نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کو اوکاڑہ کی تاجر برادری کے مسائل سے آگاہ کیا، ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت نے چیمبر کے عہدیداران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس بزنس کمیونٹی کے تحفظ کے لیے دن رات کوشاں ہے بزنس کمیونٹی کو چاہیے کہ وہ اپنے ملازمین کی پولیس ویریفکیشن لازمی کروائیں اس موقع پر صدر چیمبر آف کامرس چوہدری شہزاد حسن نے بھی پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

دیپالپور ٹی ایچ کی

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) بدھ 29 جنوری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بتیجہ 1

ایس جنوری سے کوئی موجود ہے، بلی نے آئی تھی بھتیجے نے ہیں چلتا ہیں، بلی نے آئی نے ڈیفنس فیصلہ کیا، بلی نے آئی نے جنرل کو شروع کیا اس کو خوشحال ہے، ہماری مکمل نے صوبوں کا بتایا، سول ہارٹیکل، نوٹس پر جج نے لیکن پر رہا شت کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے دیکھا کہ کس صدیقہ مطالبات بیان کئے ہیں، ہم نے جواب میں بڑی کچہری کھچا ہوئی آج آئے تو ان کیلئے اراضی عمل کئے تھے، بلی نے آئی نے نمٹنے میں آنے کیلئے اپنا انہوں نے کہا کہ ہم نے مکمل کو شروع کیا اس کے خواہش کرتے ہیں، ہم نے ادارہ کو خود کہا کہ ہم نے مکمل نے ادارہ کو کہا کہ ہم نے کہا کہ ہم نے کہا کہ ہم نے

31 جنوری کو لاہور بھر میں احتجاجی مظاہرے اور دھرنے ہونگے ضیاء الدین انصاری

بجلی و پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ نے عوام کو معاشی بدحال کردیا ہے، راولپنڈی معاہدے کے لیے حکومت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کریں گے

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ 31 جنوری کو لاہور بھر میں احتجاجی مظاہرے اور دھرنے ہوں گے۔امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر 31 جنوری کو شہر لاہور میں شمالی، مغربی، وسطی، جنوبی اور قریبی اضلاع میں احتجاجی مظاہرے اور دھرنے دیے جائیں گے۔ملک گیر احتجاج کے موقع پر امیر جماعت حافظ نعیم الرحمن آسمبلی کے حوالے سے بھی وڈیپ دیں گے۔بجلی و پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ نے عوام کو معاشی بدحال کردیا ہے۔ راولپنڈی معاہدے کے لیے حکومت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کریں گے۔ راولپنڈی معاہدے کے لیے حکومت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کریں گے۔بجلی و پٹرول کی قیمتوں میں عوام کو ریلیف ملنے تک احتجاجی مظاہروں اور دھرنوں کا سلسلہ جاری رہیگا۔امیر جماعت اسلامی کیساندہ روڈ پر پریس کانفرنس سے خطاب



لاہور: امیر جماعت اسلامی ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ سانده روڈ پر پریس کانفرنس میں 31 جنوری کو شہر بھر میں احتجاجی مظاہروں اور دھرنوں کا اعلان کر رہے ہیں

حیات آباد سے لاپتا 4 بھائیوں کے کیس میں وفاقی حکومت کو نوٹس جاری

مخالفت واپسی کیلئے درخواست واپس لی تھی، مگر ابھی تک لاپتا افراد کو واپس نہیں کیا گیا، وکیل کے دلائل

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے حیات آباد سے لاپتا 4 بھائیوں کے کیس میں وفاقی حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔حیات آباد سے اغوا کئے گئے خان کے 4 لاپتا بھائیوں کے کیس میں پشاور ہائی کورٹ نے وفاقی حکومت کو نوٹس جاری کردیا۔دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ ایک سال قبل درخواست گزاروں کو حیات آباد سے لاپتا کیا گیا تھا، درخواست واپس لی تھی، مگر ابھی تک لاپتا افراد کو واپس نہیں کیا گیا۔عدالت نے وفاقی حکومت کو نوٹس کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔ایک سال قبل درخواست گزاروں کو حیات آباد سے لاپتا کیا گیا تھا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

پشاور ہائیکورٹ نے اسد قیصر کو ضمانت دیدی، گرفتار نہ کرنے کا حکم

ایف آئی اے اور نیب میں کوئی مقدمات نہیں، اسلام آباد پولیس سے رپورٹ طلب

پشاور (این این آئی) ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کو ضمانت دیتے ہوئے پولیس کو انہیں گرفتار نہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات کے لیے دائر درخواست پر سماعت پشاور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس اعجاز انور پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے کی، جس میں اسد قیصر کو حفاظتی ضمانت دے دی گئی۔ عدالت نے اسد قیصر کو ضمانت بعد درج مقدمات میں گرفتار نہ کرنے کا حکم بھی جاری کرتے ہوئے پولیس کو انہیں گرفتار نہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات کے لیے دائر درخواست پر سماعت پشاور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس اعجاز انور پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے کی، جس میں اسد قیصر کو حفاظتی ضمانت دے دی گئی۔ عدالت نے اسد قیصر کو ضمانت بعد درج مقدمات میں گرفتار نہ کرنے کا حکم بھی جاری کرتے ہوئے پولیس کو انہیں گرفتار نہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما